# THE SENATE OF PAKISTAN DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*


**Thursday, July 9, 1992**

**(37th Session)**

**Volume II No. 15**

**(Nos. 1—15)**


## CONTENTS

**Pages**


1. Recitation from the Holy Quran ........................................ 1
2. Questions and Answers ................................................ 2—41
3. Unstarred Questions and their Replies .......................... 42—48
4. Leave of Absence ..................................................... 48
5. Adjournment Motions :— .............................................. 48
   (i) *Re :* appointment of two directors ........................... 48
   (ii) *Re :* smuggling of foreign cloth to Pakistan ............... 49—52
   (iii) *Re :* arrest of a PIA official on the charge of heroin smuggling ....................................................... 52—56
   (iv) *Re :* issuance of fake orders for various appointments by the Prime Minister's Secretariat ........................... 56—88

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Thursday July 9, 1992*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at ten of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

---

## RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم إِنَّ الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ
وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً
يَرْجُونَ تِجَارَةً لَّن تَبُورَ ﴿٢٩﴾ لِيُوَفِّيَهُمْ أُجُورَهُمْ
وَيَزِيدَهُم مِّن فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ غَفُورٌ شَكُورٌ ﴿٣٠﴾
وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ
يَدَيْهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ بِعِبَادِهِ لَخَبِيرٌ بَصِيرٌ ﴿٣١﴾

ترجمہ: جو لوگ کتاب اللہ کی تلاوت کرتے ہیں اور نماز کی پابندی رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے اس میں سے پوشیدہ اور اعلانیہ خرچ کرتے ہیں وہ ایسی تجارت کے امیدوار ہیں جو کبھی تباہ نہ ہوگی تاآنکہ ان کو ان کی اجرتیں پوری دیں اور ان کو اپنے فضل سے اور زیادہ دیں بے شک وہ بڑا بخشنے والا بڑا قدردان ہے اور یہ کتاب جو ہم نے آپ کے پاس وحی کے طور پر بھیجی ہے یہ بالکل ٹھیک ہے جو کہ اپنے سے پہلی کتابوں کی بھی تصدیق کرتی ہے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی پوری خبر رکھنے والا خوب دیکھنے والا ہے۔

## QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Chairman :** Question Hour. Question No. 132 - Iqbal Haider Sahib.

132. ***Syed Iqbal Haider :** Will the Minister for Railways be pleased to state whether it is a fact that the Government of Japan has offered to build a double track railway line between Lahore and Rawalpindi to be financed by soft loans?

**Haji Ghulam Ahmad Bilour :** No.

No such proposal has been received from Government of Japan.

**Syed Iqbal Haider :** Supplementary. The only supplementary I have Sir is that if you have not received any formal offer from Government of Japan to build the double track railway line from Lahore to Islamabad then have you received any informal offer during the talk or any delegation has made such suggestion that the Government of Japan will be willing to finance double track railway line on soft financing loans?

**چوہدری عبدالغفور:** جناب چیئرمین میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ جب وزیراعظم صاحب Switzerland تشریف لے گئے تو وہاں ایک offer ضرور ہوئی جاپان کی طرف سے، ایسی کوئی offer نہیں ہوئی۔ Switzerland کے ایک Mr. Nicholis ہیں ان کی طرف سے یہ offer ہوئی کہ وہ train کے لئے ایک تیز رفتار track بنانا چاہتے ہیں اور انہوں نے ۲۸، ۲۹ اپریل ۱۹۹۲ء کو دورہ بھی کیا اور اس کا aerial view بھی لیا اور اس کے بعد طے ہوا کہ اس کی feasibility report مکمل کی جائے اس کا کل خرچہ بنتا ہے 43.97 million almost forty four million اور اس کا یہ کیا ہے کہ ۷۵ فیصد حکومت پاکستان اور ۲۵ فیصد خرچہ ان کا جو local partner ہے وہ برداشت کرے اور مکمل ہونے کے بعد this will be duly adjusted جو build operate and transfer cost میں اس کو add کیا جائے گا ابھی تک ان کی طرف سے یہ ایک offer موجود ہے that track will automatically be extended to Peshawar side.

جناب چیئرمین: شکریہ اگلا سوال نمبر ۲۰۴۔

204. ***Syed Fasih Iqbal :** Will the Minister for Defence be pleased to state the steps the Government has taken to enhance the representation of the persons belonging to the Provinces of Balochistan and Sindh in the Pakistan Army?

**Syed Ghous Ali Shah :** Following steps have been taken to enhance the representation of the persons belonging to Baluchistan and Sindh in the Pakistan Army :-

(a) *Class Composition Ratio* :-Class composition quota of Sindhis and Baluchis has been enhanced from the present 5% to 15% which will be achieved progressively by the year 2000. This will be effected by reducing the quota of Punjabi Muslims.

(b) *Recruitment Staff* :-As a matter of policy, minimum 20% staff will be locals.

(c) *Publicity* :-Publicity in local languages is organized by printing and issuing posters, brochures and stickers.

(d) Other Relaxations :-The following important relaxations have been allowed to Sindhi and Baluchi recruits in the age limit, educational and physical standards :-

(1) *Educational Level* :-While for other provinces minimum education qualifications are 8 class pass, for Sindh and Baluchistan it has been relaxed to 5 class pass (50% of vacancies) and 25% illiterates for Baluchis only.

(2) *Age* :-Upper age limit has been enhanced by 1 year.

(3) *Height* :-Minimum acceptable height has been lowered by 1 inch.

(e) *3 Years Stay* :-After enrolment, Sindhi and Baluchi recruits are being allowed to stay in their province of domicile for a period of 3 years to enable them to over-come feeling of home sickness.

(f) To increase induction of Sindhis and Baluchis all units of all arms and services have been allowed to enrol Sindhi/Baluchi recruits and impart them training also.

(g) A mini Baluch Centre has been opened at Quetta for the training of the Baluchi recruits near their homes. After completion of their training, these recruits are kept in units located in Baluchistan for initial three years so that they get used to Army life and living away from their homes.

(h) Units located in Sindh and Baluchistan have also been tasked to enrol and train certain number of Sindhis and Baluchis in order to achieve the desired class composition.

(j) It is planned to open the following recruitment centres in the near future provided financial constraints do not come in our way :-

(1) Larkana

(2) Nawabshah

(3) Khuzdar

(4) Loralai.

ڈاکٹر محمد ریحان: جناب والا! اس میں منسٹر صاحب نے جو جواب دیا ہے اس میں بلوچستان اور سندھ کو اکٹھا کر کے جواب دیا گیا ہے کہ ۵ فیصد سے ۱۵ فیصد جب کہ سوال دو صوبوں کے الگ الگ تھے، بلوچستان کے لئے الگ اور سندھ کے لئے الگ۔ اس کے متعلق جناب کوئی واضح جواب نہیں آیا۔

چوہدری امیر حسین: دونوں کا کوٹہ بڑھایا گیا ہے اس لئے اکٹھا لکھ دیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین: ان کا مطلب یہ ہے کہ بلوچستان کا کتنا اور سندھ کا کتنا۔

چوہدری امیر حسین: fifteen, fifteen respectively لکھنا چاہئے properly نہیں لکھا گیا۔

**Mr. Chairman :** Syed Abdullah Shah Sahib.

**Syed Abdullah Shah :** Sir, will the honourable Minister state since what date these new steps have been taken including the change in the recruitment policy.

جناب چیئرمین: کب سے start ہوا ہے۔

چوہدری امیر حسین: اس وقت جناب والا! یہی پوزیشن ہے exact date کے لئے fresh notice چاہئے۔

جناب چیئرمین: اس وقت کوئی composition ہے کہ اس وقت کتنی percentages ہیں اس کا کوئی اندازہ ہے۔

چوہدری امیر حسین: یہ increase جو کیا گیا ہے اس کے مطابق recruitment کی جا رہی ہے۔

جناب چیئرمین: یعنی آئندہ یہ ہے کہ ۵ سے ۱۵ فیصد کی کوشش کی جائے گی۔

ڈاکٹر محمد ریحان: جناب والا! اس وقت میں یہ جاننا چاہوں گا کہ مختلف صوبوں کی اس وقت کیا percentages ہیں آرمی میں جو پاکستان کے چار صوبے ہیں یا فاٹا کی اس وقت کیا پوزیشن ہے۔

چوہدری امیر حسین: جناب والا! چونکہ ان دو صوبوں کا کوٹہ ۵ فیصد تھا اس کے مطابق بھرتی کی جاتی تھی آئندہ جو بھرتی ہو رہی ہے وہ on the basis of the new quota and ratio ہو گی۔

جناب چیئرمین: کوئی آپ کے پاس اطلاع ہے کہ پنجاب کی کتنی ہے، سرحد کی کتنی ہے۔

چوہدری امیر حسین: جناب والا! اس کے لئے تو پھر علیحدہ سوال یا تازہ نوٹس چاہیئے۔

حافظ حسین احمد: جناب والا! یہ جو آپ کے حصہ الف میں کہا گیا ہے کہ سندھیوں اور بلوچوں کے علاقائی نمائندگی کے کوٹے کو ۵ فیصد سے بڑھا کر ۱۵ فیصد کر دیا گیا ہے جو بتدریج ۲۰۰۰ء تک پایہ تکمیل کو پہنچے گا اس سے پنجابی مسلمانوں کے کوٹے کو کم کر کے عمل میں لایا جائے گا تو پنجابی مسلمان سے کیا مراد ہے۔

چوہدری امیر حسین: کیوں کہ پنجاب میں غیر مسلم بھی رہتے ہیں۔

**Syed Abdullah Shah :** Will the honourable Minister state whether these additional recruitment centres in Larkana, Nawabshah, Khuzdar and Loralai have been established? In part (j) of the answer it says that it is planned to open the following additional recruitment centres. Whether they have been opened?

جناب چیئرمین: کہہ رہے ہیں ابھی تک کچھ کیا ہے یا نہیں۔

چوہدری امیر حسین: in the near future ابھی نہیں کیا۔

**Syed Abdullah Shah :** When are they going to open them.

**Ch. Amir Hussain :** In the near future means may be this year.

**Syed Abdullah Shah :** Again non-committal, "may be".

**Mr. Chairman :** Jam Karrar Sahib.

**Jam Haji Karraruddin :** Will the honourable Minister inform the House that what is the upper age limit for the recruitment? It has been enhanced by one year.

**Ch. Amir Hussain :** Sir, it is different for different provinces.

بلوچستان اور سندھ کو concession دی گئی ہے ایک سال کی، ایک تو age limit وہی ہے جو کہ ۲۵ سال جنرل جو ہوتی ہے لیکن upper age limit enhance کی گئی ہے سندھ

کے لئے اور بلوچستان کے لئے ایک سال۔

ملک محمد حیات: جناب والا! سپاہیوں کے لئے عمر کی حد ۲۰ سال ہوتی ہے ان کے لئے ۲۱ ہو گی۔

جناب چیئر مین: upper age کتنی ہو گی۔

ملک محمد حیات: upper age limit ۲۵ سے اوپر نہیں ہے۔

چوہدری امیر حسین: صوبہ سندھ اور بلوچستان کے لئے ایک سال بڑھا دیا گیا ہے۔

ملک محمد حیات: جناب والا! میری گزارش ہے کوٹہ لینے والوں سے اور کوٹہ دینے والوں سے کہ جتنے لوگ پاکستان میں وردی پہنتے ہیں آرمی، نیوی، ائر فورس سکاوٹ، ملیشیا، لیویز اس سب کو وفاقی حکومت تنخواہ دیتی ہے یعنی central exchequer سے پیسہ جاتا ہے اس لئے اگر کوٹے کی بات کرتے ہیں تو ان ساروں کو اکٹھا کیا جائے ان کی تعداد شاید دس لاکھ کے قریب بنتی ہو گی اس میں پھر صوبائی کوٹہ مختصر کیا جائے اگر یہ کریں تو بلوچستان اور سرحد دونوں کے پاس ان کے کوٹے سے زیادہ نفری ہے سندھ کے پاس یقیناً کم ہے لیکن ان دو صوبوں کے پاس زیادہ ہے لہٰذا overall quota سب سروسز کا اکٹھا کیا جائے جن کو فیڈرل حکومت تنخواہ دیتی ہے both Ministry of Defence and Ministry of Interior اس میں پھر صوبوں کی جو precentage ہے وہ باقاعدہ کی جائے اور جلدی سے جلدی سندھ کا کوٹہ پورا کیا جائے۔

**Ch. Amir Hussain :** Sir, it is not a question. It is a proposal, it may be considered.

**Syed Abdullah Shah :** Sir, in part (h) it is stated that the units located in Sindh and Baluchistan have been asked to enrol and train certain number of Sindhis and Baluchis in order to achieve the desired class composition. So how many Sindhis and Balochis have been trained so far.

*(interruption)*

سید عبداللہ شاہ: کتنے ابھی تک trained ہوئے یا نہیں ہوئے۔

**Ch. Amir Hussain :** Sir, we are planning and they are being recruited by the year 2000,

چونکہ یہ سارا achieve کرنا ہے تو exact number کا تو نہیں پتہ بہر حال یہ شروع کر دیا گیا ہے۔

**Syed Abdullah Shah :** Have you started training or its is just on paper?

چوہدری امیر حسین: یہ پروگرام شروع کیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین: اگلا سوال ۲۰۵۔

205. ***Mir Abdul Jabbar :** Will the Minister for Interior be pleased to state :

(a) the number of Bangladesh citizens arrested on the charge of illegal entry into Pakistan during the last three years ;

(b) whether it is a fact that a large number of Bangladeshis have entered into Pakistan illegally and settled in Sindh particularly i n Karachi ; and

(c) the steps taken by the Government to deport them to Bangladesh?

**Chaudhry Shujat Hussain :** (a) 2533.

(b) Yes.

(c) Local authorities arrest Bangladeshi nationals who are found of staying in Pakistan illegally. After prosecution and completion of sentence, they are deported in consultation with Bangladesh High Commission in Pakistan.

حافظ حسین احمد: جناب یہاں الف کے جواب میں کہا گیا ہے کہ ۲۵۳۳ افراد گرفتار کئے گئے میرا سوال یہ ہے کہ ان میں بہاری کتنے تھے اور یہ ۲۵۳۳ افراد بنگلہ دیش کے کہاں اور کس صوبے سے گرفتار کئے گئے۔

چوہدری عبدالغفور: سر میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ صوبہ وار لسٹ تو موجود ہے سندھ میں کتنے گرفتار ہوئے۔ یہ تعداد موجود ہے۔ اسلام آباد میں ۲

| | |
|---|---|
| پنجاب میں | ۵۱۷ |
| سندھ میں | ۱۹۷۲ |
| سرحد میں | کوئی نہیں اور |
| بلوچستان میں | ۴۲ |

جناب چیئرمین: آپ کے پاس بلوچستان میں ۴۲ آدمی کیسے پہنچ گئے۔

حافظ حسین احمد: یہی میں پوچھنا چاہتا تھا کہ ان میں بہاری کتنے ہیں اور بنگلہ دیشی کتنے ہیں، تو کیا بہاری بنگلہ دیشی سے الگ ہیں۔ یا نہیں بھی بنگلہ دیشوں میں شامل کیا گیا ہے۔

چوہدری عبدالغفور: سر میں عرض کروں گا کہ اس میں یہ تفصیل تو پوچھی نہیں گئی اور نہ موجودہ ہے۔

حافظ حسین احمد: یہ جو گرفتار ہوئے ہیں ان پر مقدمہ چلایا گیا ہے کیا یہ جیل میں ہیں۔ عدالت میں کوئی مقدمہ قائم کیا گیا ہے یا ان کو چھوڑا گیا ہے۔

چوہدری عبدالغفور: میں عرض کرنا چاہوں گا اس میں پراسس یہ ہے ان کو گرفتار کر کے باقاعدہ ان کو prosecute کیا جاتا ہے اس کے بنگلہ دیشی ہائی کمشنر سے مل کر ان کو ڈی پورٹ کیا جات ہے یہ تعداد تو موجود ہے کہ کب کب کہاں کتنے ڈی پورٹ ہوئے اور اس وقت کتنے آدمیوں پر مقدمہ چل رہا ہے یہ انفارمیشن موجود نہیں ہے۔

جناب محمد ابراہیم خان: وزیر صاحب بتائیں گے کہ اس میں مرد کتنے ہیں اور عورتیں کتنی ہیں۔

چوہدری عبدالغفور: اس کی تخصیص نہیں ہے۔

جناب بوستان علی ہوتی: لاء منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ گرفتار کرنے کے بعد قانونی کارروائی کرنے کے بعد پاکستان میں بنگلہ دیش کے سفیر کے ذریعے ان کو واپس ان کے ملک

میں بھیجتے ہیں۔ کیا آنریبل منسٹر بتائیں گے کہ کتنے آدمی بنگلہ دیش کے سفیر کے ذریعے واپس بھیجے گئے۔

چوہدری عبدالغفور: یہ دو سال کی میرے پاس موجود ہے۔ ۱۲۲ افراد ۲۹ ستمبر کو بھیجے گئے ۶ ۔ ۷ اکتوبر ۹۰ء کو ۵۴، ۲۹ ستمبر ۱۹۹۰ء، ۱۱۲ افراد ۴ مئی ۱۹۹۱ء کو ۱۹۹ افراد ۲ نومبر کو بھیجے گئے اس طرح اتنے افراد کی روانگی ہو سکی ہے۔

جناب چیئر مین: Next Question ڈاکٹر بشارت صاحب۔

**Dr. Bisharat Ellahi :** Mr. Chairman, Sir, this is a very very serious and a significant matter and I am constrained to state that the attitude of the government on t is has been rather disappointing. Time and again we have read in the newspapers of the large number of Bangladeshis coming into Pakistan and alongwith that the number of Bangladeshi women who were smuggled into Pakistan.

اور پھر ان سے بدکاری کروائی جاتی ہے، انہیں بھیجا جاتا ہے۔ بار بار سینٹ میں بھی یہ سوال اٹھایا جا چکا ہے۔ اخباروں میں بھی آتا ہے لیکن یہ جواب ہمیں ہمیشہ گول مول سے دے دیئے جاتے ہیں جس کا کچھ اندازہ نہیں ہو سکا کہ حکومت واقعی اس میں سنجیدہ ہے یا نہیں اب انہوں نے کہا ہے۔

In the last three years 2533 people have been arrested and then in the very next question in the same breath he says whether it is a fact that large number of bangladeshis have entered illegally and settled in Sindh particularly in Karachi.

اس کا جواب دیتے ہیں، ہاں۔

Now what is that large number of people, has somebody tried to find out?

ان کے علاوہ اور بھی کراچی میں بہت سے immigrants ہیں this is one of the things which is at stake in Karachi, one of the reasons why we have this law and order situation in Karachi.

چوہدری عبدالغفور: سر اس میں question تو کم ہے۔

ڈاکٹر بشارت الٰہی: ایک منٹ مجھے اور دیں میں ذرا ختم کرلوں۔ question بہت کم ہے لیکن میں ان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں یہ معاملہ بہت سنجیدہ ہے۔ and the government should take this matter very seriously question کم ضرور ہو گا لیکن یہ سوالیہ نشان ہے۔ we have a situation in Sindh which requires their attention.

**Mr. Chairman :** So, the question is, are you going to take it seriously?

**Chaudhry Abdul Ghafoor :** Sir, I must give the information

کیونکہ یہ واقعی بہت serious مسئلہ ہے اور اس کو گورنمنٹ seriously لے رہی ہے محترم سینیٹر صاحب کی یہ بات درست ہے میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ واقعی نو لاکھ کے قریب foreigners اس وقت کراچی میں موجود ہیں اس میں ۵ لاکھ بنگلہ دیشی تھے، تین لاکھ بھارتی تھے، ایک لاکھ دیگر قومیتوں کے تھے یکم جنوری ۱۹۸۰ء سے ہمارے پاس یہ انفارمیشن ہے کہ ۱۹۹۰ء تک ۷۶۸۶۵۳ بھارتی پاکستان میں داخل ہوئے جن میں سے ۶۲۰۶۴۲ واپس جا چکے ہیں اور ۱۴۸۰۱۱ وہ موجود ہیں وہ کس طرح ادھر ادھر ہو گئے یا کسی طرح وہ کہیں چھپ گئے اس مدت میں تین لاکھ مزید وہاں سے آنے کی اطلاع ہے اس طرح یہ لوگ موجود ہیں جہاں تک یہ سوال ہے کہ گورنمنٹ serious ہے یا نہیں میں یہ عرض کروں گا کہ کوشش موجود ہے اور یقینی طور پر مزید کوششوں کی ضرورت ہے کیونکہ اگر ہم ان لوگوں کو باہر نکال سکیں تو اتنی ہی تعداد میں ہمارے اپنے لوگ ایمپلائمنٹ میں آ سکتے ہیں گورنمنٹ نے اس سلسلے میں مانیٹرنگ سیل صوبائی حکومتوں کی مدد سے قائم کئے بلکہ اس سلسلے میں ۱۹۹۰ء میں کو کابینہ کی میٹنگ ہوئی تھی اس پر عملدرآمد شروع ہو چکا ہے اور حال ہی میں سینٹ کے سامنے وزیر داخلہ کی کنونیر شپ میں وزیر برائے امور خارجہ اور وزیر

برائے امور کشمیر اور وزیر اعلیٰ پنجاب اور سندھ ملک کر ایک کمیٹی بنائی ہے اور اس لیول پر بڑے serious اقدام لئے جا رہے ہیں سیکرٹری داخلہ کے لیول کی کمیٹی کا اجلاس ہو چکا ہے اور اب اس کا اجلاس ابھی ہو رہا ہے اور اس میں کافی سارے septs لئے گئے ہیں اس میں میں عرض کروں گا کہ بنگلہ دیشی اور انڈین باشندوں کے لئے جو ویزہ جاری کیا جاتا ہے ان کے لئے انکوائری کی زیادہ conditions لگادی ہیں کہ دونوں حکومتوں سے مل کر زیادہ انکوائری کی جائے کہ ویزے کس طرح سے حاصل کئے جاتے ہیں، کون لوگ ہیں جن کے ذریعے یہ ویزہ جاری کیا جاتا ہے۔ پنجاب حکومت اور رینجرز کے تعاون کے لئے ان کو زیادہ الرٹ کیا گیا ہے اور بنگلہ دیشی باشندوں کی رجسٹریشن کے لئے ضروری قرار دیا گیا ہے کہ ۲۴ گھنٹوں میں پہنچ کر وہ رجسٹرڈ کروائیں اسی طرح امیگریشن کا عملہ پاکستان میں داخل ہونے والوں پر زیادہ نظر رکھے ہوئے ہے وزارت داخلہ میں شناختی کارڈ جاری کرنے کے لئے جو steps لئے جا رہے ہیں یہ آنریبل سینیٹرز کے نوٹس میں ہیں اسی طرح سیکورٹی فورس کو بھی کچھ دیر کے لئے جو یہاں داخل ہوتے ہیں یہاں جو مڈوے یا ایئرپورٹ سے داخل ہوتے ہیں ان کو زیادہ strict surveillance کی جائے اور اس طرح پوری کوشش کی جا رہی ہے اور میں تسلیم کرتا ہوں کہ اس میں مزید کوششوں کی ضرورت ہے۔

**Syed Abdullah Shah :** Sir, has the Minister been pleased to admit that lacs of people have settled in Karachi and these lacs can not be hiding anywhere, why they can't be ejected? Unlawfully they have settled, if they have settled, so they have got the full information, they are illegal entrants, they have settled in Sindh and Karachi, why they can not be thrown out and they have just arrested two thousand people.

**چوہدری عبدالغفور:** Sir یہ بات بالکل صحیح ہے کہ واقعی گورنمنٹ کی ذمہ داری ہے۔

There are hide-outs for them

اس میں جو فیکٹری owners ہیں اس میں بیشمار لوگ جو ادھر ادھر کام کرتے ہیں وہ بتاتے نہیں۔ ہم تو اس بارے میں اکثر اوقات سٹیزن کی مدد کے منتظر ہیں وہ اس سلسلے میں

نشاندہی کریں گے یا جس طرح ایجنسی اپنے طور پر کر سکتی ہے وہ کر رہے ہیں۔ اس کے لئے واقعی مزید کوششوں کی ضرورت ہے جیسے میں نے عرض کیا۔

concerted efforts are required to push them back.

جناب چیئرمین: شاہ صاحب اس میں دو چیزیں ہیں۔ ایک تو یہ ہے جعلی شناختی کارڈ بھی بن رہے ہیں اور لوگ بنوا رہے ہیں۔ so, this is one aspect نمبر ۲ بہت سے لوگ پرائیویٹ ہاوسز میں آ رہے ہیں اور ایمپلائمنٹ بھی لے لیتے ہیں اور جو لوگ ہیں وہ نہیں بتاتے انفارمیشن نہیں دیتے۔ تو یہ مسائل ہیں۔

and I am sure government is conscious of it and they will try to push them back but it is a very big problem and it is a very serious problem.

Next question, Dr. Rehan Sahib.

سید فصیح اقبال: میرے questions ہو گئے ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ کے ہو گئے ہیں گیارہ بج گئے ہیں۔

سید فصیح اقبال: میں ٹریفک میں پھنس گیا تھا۔

جناب چیئرمین: چلو وہ کہتے ہیں کہ گاڑی چھوٹ گئی ہے۔

206. ***Dr. Muhammad Rehan :** Will the Minister for Interior be pleased to state the time by which drinking water facility to the residents of Villages Khanna Kok and Sihala Mirziyan, District Islamabad, will be provided?

**Chaudhry Shujat Hussain :** No water supply scheme to provide drinking water facilities to the residents of villages Khanna Kok and Sihala Mirziyan, district Islamabad has been approved in the ADP 1991-92 and 1992-93.

جناب چیئرمین: سپلمنٹری۔

ڈاکٹر محمد ریحان: جناب والا! یہ دو موضعات پاکستان کے خوبصورت دارالخلافہ میں واقع ہیں اور میں پوچھنا چاہوں گا کہ فراہمی آب کی سکیم کون منظور کرتا ہے اور ان کو پینے کے پانی کی کوئی سکیم کیوں نہیں منظور کی گئی جبکہ وہ دارالخلافہ کے ضلع میں ہیں۔

چوہدری عبدالغفور: Sir میں عرض کروں گا یہ دو گاؤں ہیں یہ یونین کونسل میں واقع ہیں اور گورنمنٹ کی پالیسی یہ ہے کہ یونین کونسل کے وہ گاؤں جس کی آبادی تین ہزار یا اس سے زیادہ ہو۔ اس میں but at the level واٹر سپلائی سکیم مہیا کی جاتی ہے۔ preferably and on priority basis of the Union Council. جب اس کے لئے ترقیاتی سکیمیں منظور ہوتی ہیں، اس کے لئے سکیمیں رکھی جاتی ہیں۔ اس بارے میں دونوں گاؤں کی ۹۱۔ ۱۹۹۲ اور ۹۲۔ ۱۹۹۳ میں کوئی سکیم موجود نہیں ہے تاہم یہ ایک گاؤں جو سہالہ مرزئیان اس میں یونین کونسل چھوٹی واٹر سپلائی سکیم کے تحت واٹر سپلائی کر رہی ہے۔ یہ ایک سال تک کے لئے تو جاری رہے گی اس کے بعد اس کے لئے وہ کیا انتظام کرتے ہیں، ابھی تک ہمارے پاس ایسی کوئی سکیم موجود نہیں۔

جناب چیئرمین: جی کوئی اور سوال، ڈاکٹر محمد ریحان صاحب،

ڈاکٹر محمد ریحان: میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ ان موضوعات کو پینے کے پانی کی سکیم فراہم کرنے پر کتنا خرچ آجائے گا۔

چوہدری عبدالغفور: یہ تو اس بات پر depend کرتا ہے کہ کس لیول کی واٹر سپلائی سکیم ہے تاہم کم از کم ۲۲ سے ۳۰ لاکھ روپے تک ایک عام واٹر سپلائی سکیم پر خرچ آتا ہے۔

جناب چیئرمین: فصیح صاحب آپ کوئی سوال پوچھنا چاہ رہے تھے۔

سید فصیح اقبال: جناب پانی راول لیک سے تو نہیں آرہا ہے، کوئی pollution کا مسئلہ تو نہیں ہے جیسے کہ بنی گالہ کا ہے۔

چوہدری عبدالغفور: نہیں کوئی ایسا مسئلہ نہیں۔

جناب چیئرمین: اگلا سوال ۲۰۷، میر عبدالجبار۔

207. ***Mir Abdul Jabbar :** Will the Minister for Interior be pleased to state :

(a) the number of eligible citizens who have been issued national identity cards so far ;

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to issue new identity cards, if so, when?

**Chaudhry Shujat Hussain :** (a) About 54.121 million identity cards have been issued till 30th April, 1992 in Pakistan, Northern Areas and Azad Kashmir.

(b) A Pilot Project has already been launched for issuance of new computerised laser-printed identity cards to the residents of Rawalpindi/Islamabad *w.e.f.* 4-5-1992.

**Mr. Chairman :** Supplementary question?

**Syed Abdullah Shah :** Sir, will the honourable Minister state how many Identity Cards are bogus out of this number?

چوہدری عبدالغفور: یہ آپ بتادیں۔ اگر گورنمنٹ کو پتہ چل سکے تو اس کے بارے میں اقدامات کئے جائیں۔

But we can tell the total number of Identity Cards issued.

اب لیزر کا انتظام کیا جارہا ہے تاکہ چیکنگ ہو سکے۔ بوگس شناختی کارڈ کے اجرا کو روکنے کے لئے راولپنڈی / اسلام آباد میں یہ کام شروع کیا گیا ہے۔ اس کے بعد دو دو سال کے لئے صوبائی ہیڈکوارٹرز پر اس کا انتظام کیا جائے گا۔ کوشش یہ کی جارہی ہے کہ اس نئے کمپوٹرائزڈ سسٹم کے تحت اس بوگس کارڈ کو بننے سے روکا جاسکے۔

جناب چیئرمین: ایک اور مسئلہ بھی ہے کہ آج کا جو شناختی کارڈ ایشو ہوتے ہیں وہ ہر الیکشن میں punch ہوتے ہیں اور جب چار پانچ الیکشن ہو جاتے ہیں تو وہ خاصے پنچ ہو جاتے ہیں، یعنی بائی elections بھی ہوتے رہتے ہیں اس کا بھی کچھ سوچیئے کہ اس کا کیا علاج ہو گا۔ کیونکہ پانچ دس سال کے لعد پھر بھی مسئلہ ہو گا کہ کارڈ پنچنگ سے خراب ہو گئے ہیں۔

چوہدری عبدالغفور: یہ آپ کی بات درست ہے کہ اس پر واقعی محکمہ کو غور کرنا چاہیئے کہ اس کا بھی کوئی انتظام ہو۔

جناب چیئرمین: سلسلہ ایسا ہونا چاہیئے کہ پنچنگ کا کوئی الگ طریقہ اختیار کیا جائے I

don't know آپ کیا کر سکتے ہیں۔ تاہم میرا کارڈ تو خاصا punch ہو چکا ہوا ہے۔

چوہدری عبدالغفور: آپ نے ووٹنگ کی ہے، آپ کی بات صحیح ہے۔ آپ کے پوائنٹ کو نوٹ کر لیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین: بوستان علی ہوتی صاحب۔

جناب بوستان علی ہوتی: ابھی تک جو شمالی علاقہ جات اور پاکستان میں جو شناختی کارڈ جاری کئے گئے ہیں وہ ۵۴ ملین بتائے گئے ہیں تو کیا وزیر متعلقہ یہ بتائیں گے کہ جب ہماری آبادی ۱۲ سے ۱۵ کروڑ ہے اور ۵۴ ملین کے حساب سے تو صرف ۵ کروڑ کے شناختی کارڈ بنتے ہیں تو کیا یہ تعداد کم نہیں ہے کہ آبادی ۱۵ کروڑ ہے اور کارڈ ۵ کروڑ ہیں۔

چوہدری عبدالغفور: میں عرض کروں کہ اٹھ سال تک کے عمر کے لوگوں کی جو تعداد ہے جو کہ ہمارے پاس available تھی اپریل ۱۹۹۱ء تک ۶۰ ملین سے کچھ زائد ہے۔

جناب چیئرمین: Above 18 or below 18.

چوہدری عبدالغفور: above 18 جن کے شناختی کارڈ بنتے ہیں ۶۰ء۳۳۶ ملین ان کی تعداد ہے یہ ٹوٹل تعداد ہے ۵۴ء۱۲۱ ملین بن چکے ہیں اس طرح ۹۰ فیصد لوگوں کے شناختی کارڈ بن چکے ہیں۔ لیکن اب بھی روزانہ چھ ہزار افراد ۱۸ سال کی عمر کو پہنچ رہے ہیں یہ اضافہ جاری ہے۔ backward area کے لوگ جو ہیں جب ان کو ضرورت پڑتی ہے تو وہ بنواتے ہیں ورنہ نہیں بنواتے ہیں یہ process جاری ہے۔ کوشش ہماری یہ ہے جیسے جیسے لوگ کہیں ان کو جاری کئے جاتے رہیں۔

**Mr. Khalil-ur-Rehman :** Sir, it pertains to (b) the new identity cards. I believe a new column has been added into these new Identity Cards stating religion, is any particular reason for inserting this column?

چوہدری عبدالغفور: Sir اس کو ابھی تک insert تو نہیں کیا لیکن اس کی ڈیمانڈ ضرور ہے اور اس کو حکومت باقی صوبوں کے ساتھ صلاح مشورہ کے بعد consider کر رہی

ہے، Religious Ministry سے بھی consult کر رہی ہے کہ کیا اس کی ضرورت ہے کیونکہ ایک طبقہ فکر کے لوگ بتاتے ہیں کہ جو فارم ہے اس میں مذہب کا خانہ موجود ہے لیکن شناختی کارڈ میں کوئی کیسا خانہ موجود نہیں ہے ایسا نہ ہونے پر اعتراض کیا جاتا ہے کہ حج کے لئے ویزے بنتے ہیں تو اس کی قسم کی دھاندلی ہوتی ہے اس لئے اس میں مذہب کا خانہ رکھا جائے لیکن ابھی تک وہ insert نہیں ہو رہے ہیں جو کہ ابھی مسئلہ زیر غور ہے۔

ڈاکٹر محمد ریحان: شناختی کارڈ میں مذہب کے درج ہونے سے کیا لوگوں میں احساس کمتری یا برتری فروغ نہیں پائیں گے جس سے کچھ لوگ اپنے آپ کو دوسرے درجے کے یا تیسرے درجے کے شہری محسوس کرنے لگیں گے۔ کیا یہ مناسب ہوگا۔

چوہدری عبدالغفور: میں سمجھتا ہوں کہ اس میں احساس کمتری کا تو کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا بلکہ ہر شخص کو اپنے مذہب پر فخر ہونا چاہیئے۔ اور ہم نہیں سمجھتے ہیں کہ اس ملک میں کوئی دوسرے درجے کا شہری موجود ہے۔

جناب چیئرمین: راجہ محمد ظفرالحق صاحب۔

راجہ محمد ظفرالحق: کیا وزیر موصوف اس سے اتفاق کریں گے کو آئین کا سارا جو ڈھانچہ ہے اس کی بنیاد ہی مذہب کے اوپر ہے جیسے صدر یا باقی عہدے ہیں اس پر غیر مسلم منتخب نہیں ہو سکتے صدر کا مسلمان ہونا ضروری ہے۔ اور حلف بھی ایسا ہی ہے۔ اسی طریقے سے separate electroate ہے وہ بھی پورا ایک component ہے Constitution کا، جس میں identity کے لئے ضروری ہے کہ نان مسلم کے لئے کوئی مسلمان ووٹ نہ دیتا پھرے اور مسلمانوں کے لئے نان مسلم ووٹ نہ دیں۔ پھر جیسے حج ہے وہاں مسلمان جا سکتے ہیں غیر مسلم نہیں جا سکتے ہیں اور حرم کی حدود کے اندر غیر مسلم تو داخل بھی نہیں ہو سکتا اس لئے یہ اتفاق کریں گے اس میں کوئی دوسرے درجے، تیسرے درجے کی شہریت کا معاملہ نہیں ہے بلکہ صرف identification کا معاملہ ہے جو اس میں شامل ہونا چاہیئے۔

چوہدری عبدالغفور: یہ ان کی observation ہے اور یہ درست ہے میں سمجھتا ہوں

کہ اسی بنا پر گورنمنٹ یہ کوشش کر رہی ہے کہ اس کو دیکھا جائے اور پھر اس پر فیصلہ کیا جائے۔

جناب چیئرمین: جناب خلیل الرحمان صاحب۔

**Mr. Khalil-ur-Rehman :** Sir, I think, Raja Sahib had a very valid point. But I think it is against the spirit of democracy and I think we are stretching this thing a little too far because basically I think democracy is of the people, for the people, by the people and where people are not sort of saying - who is what and if we put this sort of thing into a Card which is used everyday and at every place, I am quite sure, that this is going to have a very adverse effect at least on his morale.

**Mr. Chairman :** What is your question?

**Mr. Khalil-ur-Rehman :** My question is, Sir, that it should not be there.

جناب چیئرمین: اچھا جی، یہ کہتے ہیں کہ نہیں ہونا چاہیے۔ بہر حال اس کا جواب پہلے ہی آ گیا ہے۔ سید فصیح اقبال صاحب۔

سید فصیح اقبال: کیا پاسپورٹ میں مذہب کا کوئی خانہ ہے۔

چوہدری عبدالغفور: جی، اس میں ہے۔ آپ نے پاسپورٹ بنوایا ہے، آپ کو علم ہونا چاہیئے۔

جناب چیئرمین: تو جی کا مسئلہ تو اس سے حل ہو سکتا ہے۔ جی بوستان علی ہوتی صاحب۔

جناب بوستان علی ہوتی: ۹۲-۵-۴ سے راولپنڈی اور اسلام آباد میں نئے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ بنانے شروع کئے جا چکے ہیں، تو میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ پورے ملک پاکستان میں یہ کمپیوٹرائزڈ سسٹم شروع کیوں نہیں کیا جا رہا ہے۔

چوہدری عبدالغفور: میں نے اس کا جواب جناب پہلی دفعہ ہی دے دیا تھا کہ اس کے بعد تمام صوبائی ہیڈ کوارٹرز سے کمپیوٹرائزڈ کارڈ بنانے کا سلسلہ شروع کیا جائے گا۔ ہم نے یہ

سلسلہ ۴ مئی ۱۹۹۲ء سے راولپنڈی اسلام آباد سے شروع کیا ہے۔ تو پھر دو دو سال کے وقفے کے بعد تین مرحلوں میں اس کو مکمل کیا جائے گا۔

جناب چیئرمین: اگلا سوال ۲۰۹، ڈاکٹر محمد ریحان۔

209. ***Dr. Muhammad Rehan :** Will the Minister for Information and Broadcasting be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to close down all the Pakistan National Centres in the country, if so, its reasons?

**Mian Abdul Sattar Laleka :** Government has taken the decision to close down Pakistan National Centres. These have not actually stopped functioning because modalities are being worked out. The decision was based on the fact that the Institution has outlived its utility.

**Mr. Chairman :** Supplementary question?

ڈاکٹر محمد ریحان: وزیر صاحب نے جو فرمایا ہے کہ پاکستان نیشنل سنٹر کے بارے میں that a decision has been taken to close them because they have outlived their utility. یہ کیسے معلوم ہوا ہے کہ ان کی utility ختم ہو گئی ہے۔ کیا کوئی اس بارے میں ریفرنڈم ہوا ہے یا کیسے معلوم ہوا ہے۔

چوہدری امیر حسین: جناب والا، ایک کمیٹی بنائی گئی تھی ۹۱۔۱۰۔۳۰ کو اس نے رپورٹ پیش کی تھی۔ اس کی روشنی میں یہ اقدامات کئے گئے اس کمیٹی نے یہ رپورٹ پیش کی تھی کہ اس کو وزارت اطلاعات کے ساتھ منسلک کر دیا جائے، اس کو separate نہ رکھا جائے The Standing Re-organization Committee on Career Planning and Information Group. اس کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں یہ اقدامات کئے گئے ہیں۔

جناب چیئرمین: سید فصیح اقبال صاحب۔

سید فصیح اقبال: ابھی ہماری سٹینڈنگ کمیٹی کی میٹنگ ہوئی ہے کوئی تین ماہ پہلے، جس

میں وزیر صاحب نے اپنے تمام ممبران کمیٹی کو یقین دلایا تھا کہ یہ سنٹرز بند نہیں ہوں گے بلکہ انہوں نے کہا کہ اس کو improve کرنے کے لئے کوئی کمیٹی بنی تو اس میں سینٹ کمیٹی کے اراکین کو بھی شامل کیا جائے گا۔ مجھے نہایت افسوس کے کہنا پڑتا ہے کہ ایک تو انہوں نے غلط بات وہاں کہی کیونکہ کل سے پتہ چل رہا ہے کہ شاید یہ سنٹرز بند ہو رہے ہیں یہ ایک بہت بری روایت ہو گی اور ہمارے ہاؤس کی توہین ہو گی۔

ایک معزز رکن: ہمارا privilege مجروع ہوا ہے۔

سید فصیح اقبال: Privilege تو اپنی جگہ ہے لیکن میں بطور احتجاج سینٹ کی کمیٹی سے مستعفی ہو جاؤں گا۔ If I failed to discharge my duties as a Senator then I will resign from this Committee, as a Chairman. کیونکہ اتنا افسوس کا مقام ہے کہ ہماری اپنی گورنمنٹ ہے۔

چوہدری امیر حسین: جناب سوال کیا ہے؟

(مداخلت)

سید فصیح اقبال: سوال یہ ہے کہ جب سینٹ کمیٹی نے یہ فیصلہ کر لیا تھا اور ابھی......

چوہدری امیر حسین: سر یہ تقریر کر لیں ناں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سوال یہ ہوا کہ کمیٹی نے منسٹر کی موجودگی میں فیصلہ کیا۔

(مداخلت)

سید فصیح اقبال: میری بات سن لیں دس دن پہلے ایک سوال اور آیا تھا سینٹ میں جس میں انہوں نے کہا تھا کہ ہمارے سینٹروں نے کچھ پیشکش کی ہے اس پر جنرل صاحب نے کہا کمیٹی کے سینٹروں نے میں نے کہا پانچ پانچ لاکھ ہم دینے کو تیار ہیں اگر اس کی عمارت اور لائبریری، تو انہوں نے اسی فیصلے پہ کہا تجویز یہ زیر غور ہے ہم بن نہیں کر رہے۔ ابھی پندرہ دن پہلے اس ہاؤس میں انہوں نے کہا ہے اس کے بعد آج یہ جواب آ رہا ہے کہ ہم نے

بند کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ نہایت افسوسناک مقام ہے۔

چوہدری امیر حسین: جناب والا! گزارش پہلی یہ ہے کہ اس قسم کی threat کرنا کہ کمیٹی کی چونکہ سفارشات ہیں\

*(interruption)*

Those are recommendations that are to be considered by the Government. Government is not bound to accept those recommendations. I want to clear this under the Constitution and the rules

باقی جہاں تک کمیٹی کا معاملہ ہے کمیٹی کی دو میٹنگز ہوئیں ایک چار مئی کو اور دوسری ۱۳ مئی کو، اور وہاں مجلس قائمہ سینٹ جس کا ہمیں احترام ہے ہم ممبران کی عزت کرتے ہیں اس کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نے دوسری سمری submit کی ہے to the Prime Minister جس کا ابھی فیصلہ ہونا ہے۔

جناب چیئرمین: لیکن مجھے یاد ہے کچھ دن پہلے ستار لالیکا صاحب نے یہیں یہ بھی کہا تھا کہ یہ جو پانچ لاکھ دیتے ہیں In the light of this we will reconsider.

چوہدری امیر حسین: Sir انہوں نے کہا ہے re-consider کریں گے۔

جناب چیئرمین: جی ہاں۔

چوہدری امیر حسین: تو میں نے کہا ہے اس کی روشنی میں considering the report of the Committee سمری submit کر دی گئی ہے۔ اور کیا کہنا ہے جناب والا۔

جناب چیئرمین: جی ڈاکٹر بشارت الٰہی صاحب۔ yes let him say something. جی پہلے سعید قادر صاحب۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: جی جناب سید فصیح اقبال صاحب نے کہا ہے کہ میں نے ان کو سپورٹ کیا یہ غلط ہے میں نے سنیٹر فصیح اقبال کو سپورٹ نہیں کیا میں نے بلکہ یہ اعتراض کیا تھا کہ ہم پانچ پانچ لاکھ روپیہ دینے کو تیار نہیں ہیں وہ دینا چاہتے ہیں تو ضرور دیں۔ لیکن جو کمیٹی کی رپورٹ ہے وہ ہاؤس کے سامنے آئے ہاؤس نے نہیں دیکھی۔

**Mr. Chairman :** But are you a member of the Information Committee?

**Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir :** No Sir but.......

جناب چیئرمین: نہیں انہوں نے یہ بات کہی تھی کہ انفارمیشن کمیٹی کے ممبران نے یہ کہا تھا۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: یہ آپ نے فرمایا تھا کہ کمیٹی کے ممبران نے یہ کہا ہے بڑے شوق سے دیں وہ، لیکن وہ رپورٹ ہاؤس کے سامنے آئے اگر ہم اس کو منظور کریں تب حکومت کے پاس جائے۔

(مداخلت)

سید فصیح اقبال: کمیٹی کے ممبران کو پورا حق ہے اگر انہوں نے کہا ہے تو وہ ذمہ دار ہیں۔ آپ ذمہ دار نہیں۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: آپ نے اشارہ کیا ہے کہ جنرل صاحب نے سپورٹ کیا، میں نے سپورٹ نہیں کیا۔

سید فصیح اقبال: آپ کے توجہ دلانے کے اوپر میں نے ان سے جواب لیا ہے کہ ہم نے ممبروں کی طرف سے نہیں کہا میں نے اپنی کمیٹی کے ممبروں کی طرف سے کہا ہے اور کمیٹی کے ممبرز یہاں موجود ہیں، محمد علی خان صاحب لیڈر آف دی ہاؤس وہ بھی موجود ہیں ممبر ہیں انہوں نے کیا کہا ہے۔ یہی پیشکش کی۔

جناب چیئرمین: جناب ڈاکٹر بشارت الٰہی صاحب۔

**Dr. Basharat Ellahi Sahib :** Sir the answer to this question is extremely unsatisfactory I would like the honourable Minister to define the purpose for which the centres were set up and also inform the House through you why have they lost their utility?

**Mr. Amir Hussain :** Sir I will most respectfully submit that the National Centres were set up under the Information Ministry to highlight some programmes and some functions. They have not fulfilled the purpose for which these were established so the committee was set up, the committee has taken the decisions that

they may be amalgamated or they may be given under the Information Ministry not as a separate entity. There they may be retained . In view of that this decision was taken.

**Dr. Basharat Ellahi :** Mr. Chairman this is not the answer to my question. The honourable Minister in his reply has said, that the decision was taken based on the fact that the Institution has outlived its utility. Now if the Ministry of Information has failed to perform a function then it is not the fault of the Institution. It is not the fault of the Pakistan National Centres. It is the Ministry which should be ensured and thing should be put right. I think ......

جناب چیئرمین: راجہ صاحب آپ بھی وزیر اطلاعات رہے ہیں اس پر آپ کچھ بتا سکتے ہیں؟

راجہ محمد ظفر الحق: جناب چیئرمین! ۶۰ء کے عشرے کے اوائل میں یہ ادارے قائم کئے گئے تھے۔ اور اس وقت اس کا نام Council for National Integration ہوتا تھا۔ اور مقصد یہ تھا کہ جو issues قومی سطح پر اٹھتے ہیں ان پر enlightened discussion کے لئے لائبریرز وہاں قائم کی جائیں اور جیسے برٹش کونسل اور یوایس انفارمیشن سنٹرز ہیں اسی طریقے کا پاکستان کے اندر بھی یہ اہتمام ہونا چاہئیے اور وہ اتنے اچھے طریقے سے چلا کہ باقی کئی ممالک نے بھی اس کی تقلید کی اور کئی لاکھ کے قریب اب کتابیں پہنچ چکی ہیں جو اس لائبریریوں میں موجود ہیں۔ اور تقریباً ہر ڈویژنل ہیڈ کوارٹر پر یہ نیشنل سنٹر موجود ہیں۔ اور اس میں ٹیکسٹ بکس بھی ہیں اور باقی کتابیں بھی ہیں جہاں طالب علم اور دوسرے لوگ جا کر اس سے استفادہ کرتے ہیں اور اس کے علاوہ جو قومی دن ہوتے ہیں آپ کہہ سکتے ہیں۔ These are poormen's assemblies ایک debating کا ماحول ہوتا ہے کسی کے اوپر کوئی قدغن نہیں ہوتی۔ کوئی بھی آکر وہاں فنکشن میں بات کر سکتا ہے تقریر کر سکتا ہے بحث میں حصہ لے سکتا ہے لائبریری استعمال کر سکتا ہے اس لئے It is a useful Institution اور میں نے مصر میں دیکھا ہے وہاں انہوں نے ہر ضلع میں یہ بنائے ہیں وہاں بہت اچھے کانفرنس ہال اور میٹنگ ہال اور لائبریری بھی ہیں اسی طرز کے اوپر، تو اس لئے

مجھے کوئی وجہ نظر نہیں آتی کہ اگر صحیح طریقے سے اس کی guidance ہو اس کی performance کو improve کیا جائے تو اس ادارے کو ختم کرنا یا تباہ کرنا میرے خیال میں قومی مفاد میں نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: جی جناب منسٹر صاحب آپ بھی نوٹ کر لیں میرے خیال میں اس دن ستار لالیکا صاحب نے کچھ کہا تھا۔

چوہدری امیر حسین: سر میرے پاس وہی بریف موجود ہے کہ جب سینٹ کی کمیٹی کی دو meetings ہوئیں اور جیسا کہ میں نے پہلے بھی گزارش کی ہے اس کو مد نظر رکھتے ہوئے ایک تو پہلے سمری گئی ہوئی ہے جو decision ہوا سینٹ کی کمیٹی کی میٹنگز کے بعد ایک سمری بھیجی گئی ہے وزیر اعظم کو جس سمری پہ ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔

**Mr. Chairman :** So it is under consideration?

**Ch. Amir Hussain :** Yes. Sir.

سید فصیح اقبال: میں اپنے چوہدری صاحب کا احترام کرتا ہوں لیکن ان کی ناواقفیت پہ ماتم کرتا ہوں۔ ان کو شاید علم نہیں ہے کہ تین سال پہلے بھی ایک میٹنگ ہوئی تھی دو سال پہلے بھی، میں سات سال سے یہاں ہوں چھ مرتبہ یہ پی پی کے وقت میں بھی یہ مسئلہ آیا تھا اور یہ اس کی یقین دہانی کے باوجود سمری گئی اس پہ ہم نے اعتراض کیا لیکن ممبروں نے آپس میں افہام و تفہیم سے طے کیا اچھا جو سمری چلی گئی ہے وہ روک دی جائے اب ہماری consider and unanimous opinion. یہ ہے جتنے ممبران تھے اس میں ہمارے کمیٹی میں ہر پارٹی کے ممبرز ہیں اس میں کوئی پارٹی کا مسئلہ نہیں تھا اس میں تھا کہ اس کو مزید فعال بنانے کے لئے، اگر محمود منٹو صاحب ہوتے، یہ بوستان ہوتی صاحب نے پیشکش کی ہم سب نے اس کو منظور کیا جو ممبران موجود تھے میں نے ہاؤس کی طرف سے کبھی نہیں کہا تو اس میں یہ تھا کہ انہوں نے جو بات کی اس پہ یقین دلایا اور پچھلے پندرہ دن میں ایک سوال کے جواب میں بھی لالیکا صاحب نے یہی کہا تو ہم نے کہا کہ جناب آپ نے فیصلہ کر لیا ہے کہنے

لگا کہ ہمارا فیصلہ یہ ہے کہ ابھی فی الحال بند نہیں کر رہے ہیں لیکن اس کو بہتر بنانے کے لئے کوئی بھی اگر گنجائش ہو گی تو اس میں کمیٹی سے ممبر لیں گے اب آپ کیا سمجھتے ہیں جمہوری ادارے میں میرا پورا حق ہے کہ میں اپنا مافی الضمیر بیان کروں اور کھل کر یہ میں کمیونسٹ پارٹی کا ممبر نہیں ہوں نہ کسی رجمنٹ سوسائٹی کا، نہیں یہ گورنمنٹ ہماری ہے آپ اس طرح مجھے threat کا نہیں کہہ سکتے میں threat کیوں دوں گا میری اپنی گورنمنٹ ہے لیکن اگر کوئی غلط بات ہو گی تو اس کو بہتر بنانے کے لئے آپ کے نوٹس میں لاؤں گا۔

جناب چیئرمین: شکریہ، شکریہ آپ کا سوال اور اس کا جواب آ گیا ہے......

سید فصیح اقبال: لیکن جناب یہ اگر بند ہو گئے تو I will resign

جناب چیئرمین: آپ کا لب لباب یہ ہے آپ کی جو سفارشات ہیں وہ زیر تصفیہ ہیں سمری گئی ہوئی ہے۔ And the decision is awaited.

چوہدری امیر حسین: جناب والا! میں نے ہمیشہ ایوان میں low profile ہو کر کام کیا ہے لیکن under the Constitution میں کہتا ہوں کہ کمیٹی کی سفارشات حکومت consider کر سکتی ہے، حکومت کو پابند نہیں کر سکتے۔ اگر resign کرنا ہے تو سو دفعہ کریں ہمیں کیا اعتراض ہے۔

جناب چیئرمین: بس ہو گیا جی اگلا سوال نمبر ۲۱۰ میر عبدالجبار صاحب بس بات صاف ہو گئی کہ زیر تصفیہ ہے مجھے توقع ہے کہ کمیٹی کے خیالات کو مدنظر رکھا جائے گا۔ سوال نمبر ۲۱۰۔ میر عبدالجبار صاحب۔

جناب چیئرمین: سوال نمبر ۲۱۰ میر عبدالجبار صاحب۔

210. ***Mir Abdul Jabbar :** Will the Minster for Defence be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to establish ISSB Centre in Baluchistan?

**Syed Ghous Ali Shah :** No.

**Syed Abdullah Shah :** Sir the Baluchistan was the biggest Province of Pakistan area-wise. Will the Honourable Minister consider establishing ISSB centre there now.

جناب چیئرمین: چوہدری امیر حسین منسٹری آف ڈیفنس کے behalf پر آپ جواب دے رہے ہیں۔

چوہدری امیر حسین : جی میں دے رہا ہوں۔ جناب اصل میں وہاں اس بات کو consider کیا گیا تھا کہ وہاں سینٹر قائم کیا جائے۔ لیکن جو لڑکے وہاں سے آتے تھے وہ دو تین سو سے زیادہ نہیں آتے تھے، امتحان کے لئے۔ تو چونکہ وہاں پوری اسٹیبلشمنٹ رکھنا پڑتی تھی اور وہ feasible نہیں تھا اس لئے وہاں وہ سنٹر قائم نہیں کیا جا سکا۔ اب چونکہ آرمی میں کوٹہ بھی increase ہو گیا ہے اور باقی بھی ہو رہا ہے۔ اس وقت گورنمنٹ اس بات کو consider کرے گی کہ وہاں سنٹر قائم کیا جائے سکے۔

جناب چیئرمین: جی جناب فصیح اقبال صاحب۔

سید فصیح اقبال: دو سال پہلے یہ منسٹر صاحب نہیں تھے دوسرے منسٹر صاحب تھے جنہوں نے جواب دو سال پہلے دیا تھا کہ زیر غور ہے اور ۱۹۹۱ء میں سنٹر کھل جائے گا۔ اب میں اگر بتاؤں کہ کیا ہاؤس کی آپ کے پاس کوئی implementation کمیٹی ہے، وہ آپ سوالات نکلوائیں۔ ۱۹۹۰ء میں جواب اس کا آیا تھا ڈیفنس منسٹری سے کہ یہ سنٹر کھول دیا جائے گا۔ اب حکومت چاہتی ہے کہ چاروں صوبوں سے کم سے کم جو بیلنس ہے، بلوچستان میں کبھی بھرتی کے لئے ٹیمیں نہیں گئی تھیں۔ میں وزیر صاحب کی معلومات میں کیا کیا اضافہ کروں کہ جب آپ وہاں سے لوگ بھرتی نہیں کریں گے تو سنٹر نہیں بنے گا جب بھرتی کرنے کی خواہش ہے تو وہ سنٹر کی ضرورت ہے۔ اور اس صوبے کو تو آپ نے stepmotherly treat کیا ہے۔ اس کا نام آتا ہے تو سب گھبرا جاتے ہیں۔

چوہدری امیر حسین: جناب والا! میں اس ایوان کو گزارش کروں گا کہ سوال کیا کریں، فاضل ممبر تقریر نہ کیا کریں۔

جناب چیئرمین: اس میں فصیح صاحب طریقہ کار یہ ہے کہ اگر کوئی assurance ہے گورنمنٹ منسٹر کی وہ نکال کے کمیٹی اور گورنمنٹ assurance دے دے۔ ان کو مہربانی کر کے ......

چوہدری امیر حسین: یہی گزارش کی ہے نان کہ اس کو consider کیا گیا۔ چونکہ تعداد کم تھی اس لئے وہاں نہیں کھولا گیا۔ اب چونکہ کوٹہ بھی بن رہا ہے اور اس پر دوبارہ غور کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ کیا کہا جا سکتا ہے۔

جناب چیئرمین: حافظ حسین احمد صاحب۔

حافظ حسین احمد: جناب چیئرمین میں آپ کی وساطت سے رولز کے مطابق گزارش کروں گا کہ وزراء یہاں صحیح جواب دیا کریں، تک بندی نہ کیا کریں۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر بشارت الٰہی صاحب آخری سوال۔

ڈاکٹر بشارت الٰہی: The honourable Minister has stated کہ سوال کیا کریں۔ میں ان سے یہ سوال کرتا ہوں کہ since when has he assumed the office of the Chairman of the Senate.

چوہدری امیر حسین: نہیں جناب میں ماحول کو آخری دن خراب نہیں کرنا چاہتا۔ لیکن بات یہ ہے کہ اگر کوئی رولز violation ہوتی ہے تو ہر ممبر کو......

جناب چیئرمین: نہیں اگر کوئی چیئرمین سینٹ بنے گا تو مجھے اعتراض ہو گا آپ کیوں اعتراض کرتے ہیں۔

چوہدری امیر حسین: پوائنٹ تو raise کیا جا سکتا ہے ناں۔

جناب چیئرمین: سوال نمبر ۲۱۱ فصیح اقبال صاحب۔

211. ***Syed Faseih Iqbal :** Will the Minister for Narcotics Control be pleased to state :

(a) the value of Narcotics seized during 1990-91 and its disposal ; and

(b) the number and names of the persons arrested for trafficking in narcotics during the said period and action taken in each case?

**Rana Chandar Singh :** (a) The value of narcotics seized in 1990-91 is given as under :-

| Narcotics seized | Value |
|---|---|
| Opium | Rs. 25,486,200 |
| Heroin | Rs. 1,163,808,000 |
| Charas | Rs. 763,992,000 |

Under the existing law the seized narcotics are to be destroyed. Some quantity has already been destroyed and the remaining lying in Malkhanas/Wharehouses will also be destroyed in due course.

(b) A total of 99588 persons were arrested during 1990 and 1991 for narcotics offences. Out of these, 1946 persons were arrested on charges of possessing 10 grams or more of heroin and one kilogram or more of opium or charas. The names of these person are at Annexure-I.

*(Annexure has been placed in the Senate Library)*

جناب چیئر مین: فصیح اقبال صاحب۔

سید فصیح اقبال: مجھے بڑی خوشی ہے کہ پہلے منسٹر ہیں ہمارے رانا چندر سنگھ جو کراچی میں موجود ہیں انہوں نے مجھے رات کو بتایا ہے کہ جہاں تک کوٹے کا سسٹم ہے، دوسرا سوال میرا آرہا ہے، اس میں بلوچستان کے لوگ کم ہیں، ہم آگے رکھیں گے۔ لیکن اس میں انہوں نے مجھے بتایا ہے کہ اس لئے ہم نہیں پکڑ پا رہے کہ ہمارے پاس وہ قانونی تحفظات نہیں ہیں۔ میں نے کہا تھا کہ جس علاقے میں پکڑی جائیں اسی علاقے میں اس کو destroy کیا جائے تاکہ اس علاقے کے لوگوں کو۔

جناب چیئر مین: سوال کیا ہے۔

سید فصیح اقبال: سوال یہ ہے کہ کن کن جگہوں پر اتنی بڑی تعداد destroy کی گئی ہے۔

جناب چیئر مین :جی منسٹر صاحب۔

چوہدری عبدالغفور : جی میں یہ بتا دیتا ہوں۔ ایک تو منسٹر صاحب اس میں اتنے axioursly involved ہیں کہ وہ خود جا کر اپنے ہاتھ سے بھی destroy کرتے ہیں۔ منسٹر صاحب کی بڑی دلچسپی کا اظہار ہے کہ بہت بڑی تعداد بیالیس ٹن جو ہیروئن تھی اس کو خود انہوں نے تربت میں destroy کیا۔ اس طریقے سے پاکستان کسٹم نے بھی پشاور میں ایک مقام عزہ خیل ہے اس میں کسٹم ڈیپارٹمنٹ نے ٹو پوائنٹ ایٹ ٹن ہیروئن اور ہنڈرڈ تھرٹی فور پوائنٹ فائیو ٹن چرس وہاں انہوں نے بند کیا۔ اس میں میں بتانا یہ چاہتا ہوں کہ اس سے پہلے لاء یہ تھا کہ یہ سارا جو سیز ہوتا تھا اس میں باقاعدہ سٹور میں case property کے طور پر till the final disposal of the case اس کو رکھا جاتا تھا۔ اس میں قباحتیں یہ تھیں کہ pilferage بڑی ہو جاتی تھی اور کئی ایجنسیز اس کو دوبارہ استعمال کر لیتی تھیں اور یا کسی اور مقاصد کے لئے اس کی ردوبدل ہو جاتی تھی۔ تو گورنمنٹ نے اس کو sense کرتے ہوئے ۵۱۶ (اے) جو اس پراپرٹی کو ڈیل کرتا ہے اس کو amend کیا اور اس کے سمپل لے کر under the supervision of the concerned magistrate اس کو سیل کر کے باقی کی quantity جو destroy کرنے کے لئے یہ فیصلہ کیا۔ اس کو نہ صرف پاکستان میں بلکہ پوری دنیا میں اس کو سراہا گیا اور اسی کی بنیادوں پر باقی ممالک میں بھی یہی اقدامات کئے جا رہے ہیں کہ یہ بہت اچھی بات ہے ایسی injirous type چیزوں کو destroy کر دیا جائے۔ بجائے اس کے کہ اس کو محفوظ کر کے باقی pilferage کے لئے اس کو کھلا چھوڑا جائے۔

جناب چیئر مین: ہوتی صاحب پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب بوستان علی ہوتی : جناب یہ بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ concerned منسٹر نے ٹیلیفون پر mover کو بتا دیا ہے۔

جناب چیئر مین: جی نہ موور کو اعتراض ہے نہ منسٹر کو اعتراض ہے تو آپ کو کیوں اعتراض ہے۔

جناب بوستان علی ہوتی: میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ منسٹر صاحب نے ان کو approach کیا تھا یا انہوں نے منسٹر صاحب کو approach کیا تھا۔

جناب چیئر مین: بہر حال اس میں نہ فصیح اقبال صاحب کو اعتراض ہے نہ منسٹر صاحب کو اعتراض ہے آپ کیوں اعتراض کرتے ہیں۔

جناب بوستان علی ہوتی: جناب ہاؤس کی تو توہین ہے۔

جناب چیئر مین: You see a contact between the members of the Senate and the Minister is a natural phenomenon which is part of parliamentary practice and procedure infact رابطہ بہتر ہے، فصیح صاحب تو appreciate کر رہے ہیں۔ رابطے بہتر ہوں تو بہت سی چیزیں بہتر ہو سکتی ہیں۔ جی جناب عبداللہ شاہ صاحب۔

**Syed Abdullah Shah :** Sir 99,588 persons have been arrested. Will the honourable Minister state at what stage their cases have reached. How many have been convicted? How many have been in jail and how many have been bailed?

جناب چیئر مین: یہ figures صحیح ہیں جی۔

چوہدری عبدالغفور: جی بالکل۔ ایک لاکھ آدمی اس میں گرفتار ہوا جی۔ یہ ۱۹۹۰ء اور ۱۹۹۱ء دو سال کی figures ہیں۔ اس میں میں عرض کرنا چاہوں گا کہ یہ صحیح بات ہے کہ اس میں ایک ہزار نو سو چھیالیس person جو تھے وہ 10 kilograms or more وہ لوگ تھے اور اب ان کی موجودہ پوزیشن یہ ہے کہ pending cases جو trial کے لئے ہیں وہ ایک ہزار آٹھ سو بانوے ہیں اور Number of persons sentenced life imprisonment and also the fine they are three and 25 persons are Sir those who were convicted for punishment for more than two years. اسی طریقے

سے دو سال سے کم جو ہیں وہ پندرہ ہیں اور number of acquitted جو ہیں وہ گیارہ ہیں۔ اس طرح fifty four cases ڈسپوز آف کئے گئے۔ باقی ابھی زیر غور ہیں۔

سید عبداللہ شاہ: یہ جیل میں ہیں، ضمانت پر ہیں، کیا ہے۔

چوہدری عبدالغفور: Definitely must be جو minor offences میں bail پر ہوں گے۔ میرے پاس اس وقت تفصیل موجود نہیں ہے جی کہ کتنے under arrest ہیں، کتنے bail پر ہیں۔

**Syed Abdullah Shah :** Will you please provide these particulars to the House?

چوہدری عبدالغفور: اگر آپ پوچھتے ہیں تو بتا سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین: حافظ حسین احمد۔

حافظ حسین احمد: کیا وزیر صاحب اس بات سے اتفاق کریں گے اور بتائیں گے کہ تربت میں انتالیس ہزار کلو چرس اور تین ہزار نو سو سے زائد کلو ہیروئن پکڑی گئی تھیں تین چار ماہ پہلے اور انہوں نے جو بتایا تھا کہ ہم نے تلف کیا ہے۔ کیا ان گوداموں میں سے تقریباً چار ٹن چرس اور دو ڈھائی ٹن ہیروئن شارٹ ہوئی ہے کیا وہ بتا سکیں گے کہ اس کی کیا وجہ ہے۔

جناب چیرمین: جی منسٹر صاحب۔

چوہدری عبدالغفور: یہ تو حافظ صاحب ہی بتا سکتے ہیں جی۔ اگر ان کو علم ہے لیکن میرے پاس تو information نہیں ہے اور نہ ہی ایسا سوال پوچھا گیا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ اس میں انتالیس ہزار اکیس کلوگرام چرس اور تین ہزار دو سو تیس کلوگرام ہیروئن یہ چار مارچ ۱۹۹۲ء کو تربت میں اس کو جلایا گیا۔ اور باقی میں نے بتا دیا ہے۔ لیکن یہ کہ کتنی shortage ہے اس کے لئے پتہ کر سکتے ہیں۔

حافظ حسین احمد: یہ ان کے جواب میں تضاد ہے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ مال خانوں، گوداموں میں پڑی ہوئی بقیہ مقدار بھی مناسب وقت پر تلف کر دی جائے گی۔ جب کہ

وزیر موصوف کہہ رہے ہیں کہ تمام کی تمام کو ہم نے تلف کر دیا ہے۔

چوہدری عبدالغفور: نہیں نہیں یہ کہیں نہیں کہا آپ کو کہ ساری کی ساری تلف کر دی ہے۔

حافظ حسین احمد: جی ابھی انہوں نے کہا ہے کہ تمام کی تمام انتالیس ہزار سات سو کلو گرام جو ہے وہ ہم نے تلف کی ہے چرس اور تین ہزار نو سو کلوگرام ہیروئن کو ہم نے تلف کیا ہے۔ لیکن یہ خود کہہ رہے ہیں کہ بقیہ مقدار بھی مناسب وقت پر تلف کر دی جائے گی۔ میں چیلنج کرتا ہوں کہ چارٹن وہاں چوری ہوئی ہے جیسا کہ کہا گیا ہے۔ اس کے متعلق اگر وزیر صاحب خود آئیں جس طرح انہوں نے کہا ہے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی اس کو دیکھ لیں۔

**Ch. Abdul Ghafoor :** Sir the answer is very clear.

**Mr. Chairman :** Probably you need fresh notice.

چوہدری عبدالغفور: میں تو کہتا ہوں ابھی کچھ quantity، destroy ہوئی ہے اور پشاور میں ہوئی ہے باقی ابھی کیا جا رہا ہے۔ لیکن جو shortage کی بات ہے یہ میں پتہ کر کے بتا سکتا ہوں۔

جناب چیئرمین: ملک فرید اللہ خان صاحب۔

ملک فرید اللہ خان: جناب والا! وزیر موصوف نے یہ فرمایا ہے کہ قانون میں کوئی ایسی موشگافیاں یا کوتاہیاں ہیں کہ بڑی مچھلیوں پر ہاتھ نہیں ڈال سکے۔ تو کیا حکومت اس کے لئے مناسب قانون سازی کرنے پر غور کر رہی ہے تا کہ ان لوگوں پر بھی ہاتھ ڈالا جا سکے؟

چوہدری عبدالغفور: میں نے تو کسی جواب میں نہیں کہا کہ اس میں کوئی ایسی کمزوریاں ہیں لیکن law can be improved اگر اس میں کسی جگہ کوئی shortfall ہے تو ہم اسے پورا کریں گے۔ اگر کوئی آپ کے علم میں ہے۔ ہم اسے study کر رہے ہیں مزید to make it

convenient for the courts consolidate studyچونکہ بہت ساری کورٹس اس میں کام کر رہی ہیں۔ کوشش کر رہے ہیں کہ اسے ایک ہی دائرے میں لایا جائے۔

جناب چیئرمین: حافظ صاحب آخری سوال۔

حافظ حسین احمد: کیا وزیر موصوف یہ بیان کریں گے کہ ۱۹۹۵۸۸افراد میں جو گرفتار ہیں۔ ان میں کتنے ارکان پارلیمنٹ ہیں اور کتنے صوبائی اسمبلی کے ممبران ہیں۔ کون کون سے صوبائی اور پارلیمنٹ کے ممبران ہیں جو آپ کی ہٹ لسٹ پر ہیں۔

چوہدری عبدالغفور: جناب والا! یہ تفصیل میرے پاس نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: اگر کوئی ہوتا تو پتا ہوتا۔ ممبران پارلیمنٹ سب آج کل باہر ہیں کوئی ایسے جیل میں نہیں ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ڈاکٹر ریحان صاحب۔

ڈاکٹر محمد ریحان: ویلیو یہ لگاتے ہیں کہ اتنی value کی ہیروئن۔ یہ کس معیار کے حساب سےvalue determine کرتے ہیں۔

چوہدری عبدالغفور: جناب قیمتیں اس کی purity پر اور اس کی various قیمتیں اس لئے بتائی گئی ہیں کہ مارکیٹ یا سٹریٹ میں اس طرح کی variation ہے۔ اوپی ایم ایک ہزار سے لے کر اٹھارہ سو روپے تک اور ہیروئن بائیس ہزار سے چھیانوے ہزار پر کلو گرام تک۔ اور چرس آٹھ سے سولہ سو روپے تک۔ یہ اس کی purity کی بناء پر اس کے contents کی بنا پر۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ اگلا سوال ۲۱۲جی جناب فصیح اقبال صاحب۔

212. ***Syed Faseih Iqbal :** Will the Minister for Narcotics Control be pleased to state :

(a) the number of employees working in the Narcotics Control Division and its attached departments with their grade-wise break-up ; and

(b) whether the prescribed provincial/regional quota was observed while making these appointments?

**Rana Chandar Singh :** (a) The number of employees working in Narcotics Control Division and its attached department with their grade-wise break up is as under :

(i) Narcotics Control Division :

| Grade | No. of employees |
|---|---|
| 22 | 1 |
| 20 | 1 |
| 19 | 2 |
| 18 | 2 |
| 17 | 4 |
| 16 | 2 |
| 15 | 6 |
| 12 | 4 |
| 11 | 6 |
| 07 | 3 |
| 05 | 2 |
| 04 | 6 |
| 02 | 1 |
| 01 | 19 |
| Total : | 59 |

(ii) Pakistan Narcotics Control Board (PNCB) :

| | |
|---|---|
| 22 | 1 |
| 19/20 | 6 |
| 18 | 5 |
| 17 | 7 |
| 16 | 27 |
| 15 | 9 |
| 14 | 95 |
| 13 | 1 |
| 12 | 9 |
| 11 | 23 |

| | |
|---|---|
| 10 | 2 |
| 07 | 108 |
| 05 | 308 |
| 04 | 85 |
| 02 | 7 |
| 01 | 81 |
| Total : | 774 |

(b) The Regional/Provincial quotas were observed while making initial appointment to the posts.

سید فصیح اقبال: ضمنی سوال۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ جو ریکروٹمنٹ ہو گی اس میں بلوچستان کا کوٹہ پورا ہو جائے گا۔ کیونکہ اس میں بلوچستان کی بڑی کمی ہے انہوں نے جو ٹاسک فورس رکھی ہے اس میں زیادہ سندھ کے ہیں میں نے کہا ٹھیک ہے ہمارا جو کوٹہ ہو جو اسٹیبلشمنٹ کے ذریعے ۳ء۵ کوٹہ ہے ہو مکمل کیا جائے۔

جناب چیئرمین: سوال کیا ہے؟

سید فصیح اقبال: سوال یہ ہے، میں نے ان سے کہا تھا۔ انہوں نے جو جواب مجھے دیا ہے اس میں تو انہوں نے بتایا ہے کہ صوبائی کوٹہ ریکروٹمنٹ کے وقت مقرر ہوتا ہے وہ مکمل ہے۔ لیکن لسٹ سے پتہ چلا کہ وہ کم ہے۔ انہوں نے اس پر یقین دہانی کرائی ہے کہ next جب ریکروٹمنٹ ہو گی تو بلوچستان کا کوٹہ پورا ہو جائے گا۔

چوہدری عبدالغفور: اس میں اگر کوئی چیز میرے لئے ہے تو میں بیان کردوں۔ بلکہ میں بتاؤں گا کہ بلوچستان میں ہمارے جو دو یونٹس ہیں اس میں کوٹہ سے بڑھ کر ہیں۔ دس کا کوٹہ ہیں اور تیس آدمی ہیں۔ لیکن یہاں اسلام آباد یا دیگر صوبوں میں۔ وہ اس کی مقامی ضروریات کے مطابق واقعی اس کی ضرورت ہے۔

جناب چیئرمین: کوئی اور سوال؟ نہیں ہے۔ جی جناب سعید قادر صاحب۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: میرا پوائنٹ آف آرڈر ہے جناب۔ آپ کی نظر

ہمیشہ دائیں طرف ہوتی ہے۔ ہماری طرف بھی نظر عنایت رکھا کریں۔

جناب چیئرمین: جی سعید قادر صاحب۔

**Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir :** Mr. Chairman, I would like to raise a question with regard to the gradation which is indicated in the answer to this question. In para (a) (i) the narcotics Control Division shows the various grades. The bottom of this table shows grades 1,2 and 4 a total of twenty six personnel are employed in these grades and in grade one there are 19 persons. There are total of only 12 officers between sixteen and above, so would the Minister be able to state as to what these grade one personnel are doing in the Narcotics Control Division?

جناب چیئرمین: جی جناب منسٹر فار لاء۔

چوہدری عبدالغفور: جناب یہ سوال ہے کیا؟

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: جی سوال یہ ہے کہ گریڈ ایک کے انیس افراد آپ نے یہاں دکھائے ہیں۔ گریڈ ایک میں میرا خیال ہے کہ قاصد وغیرہ ہوتے ہیں۔ تو افسران کی تعداد سولہ گریڈ سے upward جو ہے وہ کل بارہ ہے۔ تو یہ انیس افراد وہاں کیا کر رہے ہیں۔ اگر آپ اس کے اعداد و شمار نکالیں تو انیس افراد، ۵۹ میں سے ۳۲ فیصد بنتے ہیں گریڈ ایک کے۔ یہ ہماری اسٹیبلشمنٹ کی study کس قسم کی ہوتی ہے کہ اس نے گریڈ ون میں ۳۲ فیصد لوگ رکھے ہوئے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی جناب منسٹر فار لاء۔

چوہدری عبدالغفور: Sir, this is a fact.

جناب چیئرمین: بارہ افسر ہیں۔ ان کے لئے ایک ایک چپڑاسی بھی ہو تو بارہ ہو گئے باقی بات کے لئے اور کوئی کام ہوں گے۔ سیکرٹری صاحب کے دو ہوں گے۔ جائنٹ سیکرٹری دو ہوں گے۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: یہی توجہ میں دلانا چاہتا ہوں کہ اس حکومت میں گریڈ ون کے امپلائز کی اتنی بہتات ہے کہ آپ کا کام کاج چلنا مشکل ہوا ہے تو آپ ذرا

اسے study کیجئے۔ او اینڈ ایم ڈویژن ہے وہ اسے دیکھے۔ بلکہ اگر آپ ورق الٹیں۔ یہ میرا دوسرا سوال ہے۔ اس میں پاکستان نارکا ٹکس کنٹرول بورڈ ہے۔ اس میں گریڈ ون میں، وہاں بھی ۸۱ ہیں۔ ۷۷ out of ۴۷ جو صرف ۵ء۱ فیصد بنتا ہے ۴۷۷ کا۔ لیکن ڈویژن میں ۱۹ ہیں جو کہ ۳۲ فیصد بنتا ہے۔ تو اسٹیبلشمنٹ بنانے کے لئے کسی قسم کی study ہوتی ہے یا تک بازی پر ہی حکومت چل رہی ہے۔

چوہدری عبدالغفور: جناب والا! گریڈ ون میں مختلف لوگ ہوتے ہیں۔ کوئی فراش ہوتے ہیں کوئی اردلی ہوتے ہیں کوئی چوکیدار ہوتے ہیں۔ ان کی ڈیوٹیاں مختلف جگہوں پر لگی ہوتی ہیں۔ اس کو مزید study کیا جاسکتا ہے۔ لیکن ضرورت کے مطابق کہ کس جگہ چوکیدار نے کیا کرنا ہے یا فراش نے کیا کرنا ہے یا اردلی نے کیا کرنا ہے اس کے مطابق اس کی تعداد مقرر کی گئی ہے ان کے کہنے پر اس کی مزید study کی جاسکتی ہے کہ اس میں اضافہ کرنے کی ضرورت ہے یا اس میں کمی کرنے کی ضرورت ہے۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: کمی کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ اسے study کریں۔

چوہدری عبدالغفور: بہتر۔

ڈاکٹر محمد ریحان: جناب والا! جب سے یہ نارکا ٹکس کنٹرول کا محکمہ بنا ہے اس کے بعد یا اس کی وجہ سے نارکا ٹکس کی پروڈکشن ٹریڈنگ اور اس کی ٹریفکنگ، سمگلنگ وغیرہ میں کوئی کمی آئی ہے یا نہیں؟ اس لئے کہ ایک اور محکمہ بنا ہے اس میں لوگوں کو ملازمتیں ملی گئی ہیں اور الٹا اس کی پبلسٹی کی جاتی ہے نارکا ٹکس کی، جن لوگوں کو ہیروئن وغیرہ کا معلوم بھی نہیں تھا۔

چوہدری عبدالغفور: میں سمجھتا ہوں کہ یہ تنظیمیں بہت موثر ثابت ہوئی ہیں اور اسے فارن ایجنسی نے بھی appreciate کیا ہے اور اسے لوگوں کو educate کرنے کے لئے rehabilitate کرنے کے لئے compensate کرنے کے لئے اور اس کے متبادل ان کو

بحال کرنے کے لئے کافی اقدامات ہو رہے ہیں اور اس سلسلے میں بہت اچھا کام ہو رہا ہے۔

جناب چیئرمین: next question اشتیاق اظہر صاحب نمبر ۲۱۳۔

213. ***Syed Ishtiaq Azhar :** Will the Minister for Information and Broadcasting be pleased to stat e whether it is a fact that Review Board Constituted by the Order of the President of Pakistan for hearing the cases of employees dismissed during the Martial law Regime had decided to reinstate one Mr. Irshad Rao of N.P.T. ; If so the action taken by the Ministry for his reinstatement so far?

**Mian Abdul Sattar Laleka :** Yes. Decision of the Review Board was received in the Ministry on 30-1-1990. It was endorsed to the then Chairman, NPT, Mr. Wajid Shamsul Hassan, for implementation on 4-2-1990. The Chairman, NPT, did not take any action.

Meanwhile, in March, 1991, Mr. Irshad Rao filed a Constitutional Petition No. D. 362 of 1991 in the High Court of Sindh at Karachi, praying for reinstatement on the basis of the decision of the Review Board. The said Writ Petition is now being contested by Mashriq Limited on its own behalf and on behalf of the NPT and the Ministry of Information and Broadcasting. The Writ Petition is pending in the High Court of Sindh.

The matter is, therefore, subjudice.

سید اشتیاق اظہر: ضمنی سوال۔ میں یہ سوال کرنا چاہوں گا کہ جب یہ ریویو بورڈ نے فیصلہ کر دیا تھا۔ ۳۰ جنوری ۹۰ء کو اور بورڈ کے چیئرمین نے بھی کہا کہ ٹھیک ہے ہم کر دیں گے۔ اس پر عملدرآمد کرنا چاہیئے۔ یہ ۴ فروری ۹۰ء کو ہوا۔ تو اس کے بعد جو چیئرمین آئے انہوں نے اس پر عملدرآمد کیوں نہیں کیا؟

چوہدری عبدالغفور: جناب والا! جہاں تک اس بات کا تعلق ہے۔ اس وقت کے چیئرمین واجد شمس الحسن صاحب کے پاس یہ کیس پیش ہوا۔ انہوں نے کوئی فیصلہ نہیں کیا اور اس کے بعد موصوف خود ہائی کورٹ میں چلے گئے رٹ دائر کر کے۔ اور چونکہ اس کے

بعد معاملہ ہائی کورٹ میں subjudice ہو گیا۔ اس لئے کوئی decision نہیں لیا گیا۔

سید اشتیاق اظہر: میں یہ پوچھنا چاہتا ہو کہ جب ۴ فروری کو فیصلہ ہوا کہ ان کو reinstate کر دیا جائے۔ اور اس کے بعد جو چیئرمین آئے انہوں نے ایکشن نہیں لیا میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے کس بنیاد پر اس فیصلے پر عملدر آمد نہیں کیا۔

چوہدری عبدالغفور: جناب والا، اس وقت کے جو چیئرمین صاحب تھے وہ میرے خیال میں اگست ۹۰ء تک رہے ہیں اور یہ جنوری ۹۰ء میں ان کے پاس پیش ہوا تھا اور انہوں نے اس پر کوئی decision نہیں لیا بلکہ وزارت قانون کو refer کر دیا for opinion کیونکہ ریویو بورڈ کا فیصلہ recommendatory ہو تا ہے۔ تو ابھی وہ بات چل رہی تھی کہ موصوف ہائی کورٹ میں چلے گئے۔

جناب چیئرمین: جی عبداللہ شاہ صاحب۔

**Syed Abdullah Shah :** Sir, I am surprised to read this answer that what is the use of this review board if its decision is not being implemented? He (Mr. Irshad Rao) went to the High Court because it was not being implemented.

جناب چیئرمین: وہ یہی کہہ رہے ہیں کہ recommendation ہوتی ہے۔ and the government then takes a final decision on it. So while it was pending for consideration the person went to the High Court.

**Syed Abdullah Shah :** Sir, I think there was no use of such a board if it is only of a recommendatory nature, then a person can go to the High Court straight away.

جناب چیئرمین: یہ تو آپ کے زمانے کی بات ہے۔

چوہدری امیر حسین: جناب والا، میں اس پر گزارش کرتا ہوں۔ یہ ریویو بورڈ ۸۸ء میں بنا تھا جب پی پی کی حکومت تھی۔ اور جو decision بھی کیا گیا اس میں محمد افضل سندھو صاحب تھے چیئرمین، جن کا تعلق پی پی سے ہے۔ گزارش یہ ہے کہ ۸۷ء میں موصوف

کے خلاف disciplinary action ہوا ان کی سروسز terminate کر دی گئیں۔ این آئی ار سی میں انہوں نے تمام available remedies avail کر لیں۔ پھر وہ جاتے ہیں اس ریویو بورڈ میں۔ after about ten or eleven years تو ریویو بورڈ نے جو فیصلہ کیا ہے اس میں اگر میں دو لائنیں پڑھ دوں۔ انہوں نے mind apply نہیں کیا۔ بلکہ انہوں نے یہ کہا۔ having carefully examined the record we observed that the order dated 15-6-1978 about the termination of the petitioner from the service is arbitrary in nature - the punishment of termination is far in excess of the allegations which inflicts victimisation. These orders are void of any moral or legal sanction behind it and does not fulfill the requirement of natural justice. For the above reasons we hold the impunged order dated 15-6-1978 void and recommend the Federal Government Ministry of Information to direct the management of the National Press Trust to reinstate the petitioner with full benefits. اصل میں واجد شمس الحسن صاحب اس وقت یہ consider کر رہے تھے کہ آیا اس ریویو بورڈ کی jurisdiction بھی تھی کہ نہیں۔ تو یہ کیس لا منسٹری کو ریفر ہوا اور اس اثنا میں خود ہائی کورٹ میں چلے گئے۔ وہاں کیس pending ہے اس پر جو فیصلہ ہو گا اس کے مطابق دیکھیں گے۔

جناب چیئرمین: شکریہ Question Hour is over یہ جو NWFP اسمبلی کے بارے میں تھا، امیر حسین صاحب یہ تحریک استحقاق تھی شہزاد گل صاحب کی۔ آپ کی کوئی بات ہوئی۔

چوہدری امیر حسین: جناب میری ڈائریکٹ بات تو نہیں ہوئی کیونکہ سپیکر صاحب بیرون ملک ہیں۔ میں نے عبدالرحمٰن صاحب کے بھی ذمے لگایا تھا۔

**Mr. Chairman :** Sorry, the other questions and answers will be taken as read and placed on the table of the House.

+214.***Syed Ishtiaq Azhar :** Will the Minister for Information and Broadcasting be pleased to state whether it is a fact that the subsidy of Pakistan Television Corporation has been withdrawn by the Government if so its reasons?

**Mian Abdul Sattar Laleka :** Yes. Government has asked the PTV to mobilise resources through its own efforts.

215. ***Syed Ishtiaq Azhar :** Will the Minister for Information and Broadcasting be pleased to state whether it is a fact that Pakistan Television Corporation will be paying rent *w.e.f.* January 1992 for the transponder hired from the Asiaset for PTV Education Channel, if so, the time by which the said channel will start functioning?

**Mian Abdul Sattar Laleka :** Yes, PTV is paying rent for transponder hired on Asiaset since January 1992.

Programme Test Transmissions were started with effect from 6-6-1992. At present, the timings are from 6.45 p.m. to 10.45 p.m., daily.

The 2nd Channel will be able to begin its regular six hours transmission in the second half of August, 1992.

216. ***Mr. Muhammad Tariq Chaudhry :** Will the Minister Incharge of the Establishment Division be pleased to state the number of officers in B-17 and above working under section 10 of the Civil Servants Act, 1973?

**Chaudhry Amir Hussain :** The Establishment Division controls for Occupational Groups/Services *viz* Secretariat Group, District Management Group, Police Service of Pakistan and Office Management Group. Presently 703 officers of BPS-17 and above of these Groups/Services are working under section 10 of the Civil Servants Act, 1973.

+[The questions and answers remaining will be taken as read and placed on the Table of the House].

@12. **Mir Abdul Jabbar :** Will the Minister for Interior be pleased to state whether it is a fact that bullet-proof cars are being imported for the use of VVIPs if so the number of cars and the estimated expenditure to be incurred on the purchase of these cars?

**Ch. Shujat Hussain :** Yes. There is a proposal for the import of two bullet-proof cars for use of foreign heads of State/Government visiting Pakistan. The cost of these cars is estimated to be about Rs. 10.57 million.

16. **Mir Abdul Jabbar :** Will the Minister Incharge of the Establishment Division be pleased to state the number of person employed in Grade-16 and above during the last two years indicating also the names, grads, designation and place of domicile of the persons belonging to the Province of Baluchistan?

**Ch. Amir Hussain :** 1075 Officers in BPS-16 and above were employed during the years 1990 and 1991 in Ministries/Divisions and its attached departments/subordinate offices. Out of these, 41 officers belonged to the Province of Balochistan, the details of which are given in the annexure.

---

@Transferred from the Cabinet Division.

**Annex**

# STATEMENT SHOWING NUMBER OF PERSONS BELONGING TO BALOCHISTAN EMPLOYED IN GRADE-16 AND ABOVE IN MINISTRIES/DIVISIONS/ATTACHED DEPARTMENTS AND SUBORDINATE OFFICES OF THE FEDERAL GOVERNMENT

| S. No. | Name of Officer | BPS | Designation | Place of domicile of Balochistan | Appointment made during 1990 & 1991 | Ministry/Division | Remarks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
| 1. | Mr. Khalid Mahmood | 18 | Assistant Educational Advisor | Quetta | 1990 | Education | |
| 2. | Mr. Qamar Sultan Khan | 17 | Lecturer inUrdu | Quetta | 19-11-1990 | —do— | |
| 3. | Miss. Shehla Mateen | 17 | Lecturer in Islamic Studies | Baluchistan | 7-11-1990 | —do— | |
| 4. | Mr. Wasif Ali | 17 | AME/Probation | Lasbela | 27-12-1990 | Railway Board. | |
| 5. | Mr. Ashraf Ali Shah | 17 | AEE/Probation | Kalat | 9-12-1990 | —do— | |
| 6. | Mrs. Salma Qureshi | 18 | Deputy Director Vice Principal | Quetta | 1990 | Special Education & S.W. | |
| 7. | Mr. Nasir Mahmood | 16 | Probation Acctt. | Quetta | 1991 | Finance AGP, Lahore. | |
| 8. | Mr. Faroukh Sohail Malik | 17 | AAG | Quetta | 1990 | —do— | |

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 9. | Mr. Sohail Mansoor | 17 | R.O. | Quetta | 3-9-1990 | Statistics Division Agri. Census Orgn. | |
| 10. | Miss Farzana Tabassum | 17 | Statistical Officer | Chaghi | 8-3-1990 | Statistical Divn., (Federal Bureau of Statistics). | |
| 11. | Mr. Anwar Ahmed | 17 | Statistical Officer | Quetta | 19-3-1991 | Federal Bureau of Statistics. | |
| 12. | Mr. Sardar Raza | 17 | Assistant Census Commissioner | Quetta | 19-5-1990 | Population Census Orgn. | |
| 13. | Mr. Saleem Akbar | 17 | —do— | Quetta | 22-10-1991 | —do— | |
| 14. | Maj (Retd.) Sabir Durrani | 18 | Asstt. Director B.A.S.B. Quetta | Quetta | 3-2-1990 | Defence (PASB) | |
| 15. | Mr. Manzoor Ahmed | 16 | probationer Accountant | Quetta | 1990/1991 | MAG | |
| 16. | Mr. Qamar Bashir | 17 | Information Officer | balochistan | 1991 | Information & Broadcasting. | |
| 17. | Mr. Khalid Hussain Hashmi | 17 | AWM/Mechanical | Quetta | 1-1-1991 | Defence Production (POF's) Wah. | |
| 18. | Mr. Pervaiz Arshad | 17 | AWM/Civil | Quetta | 1-1-1991 | Defence Production (POF's Wah). | |
| 19. | Ms. Helana Iqbal Saeed | 17 | S.O. | Balochistan | 1991 | Foreign Affairs. | |

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 20. | Mr. Asghar Ali | 17 | S.O. | Balochistan | 1991 | Foreign Affairs. | |
| 21. | Nawabzada Kamran Khan Jogezai | 16 | Superintendent (Customs and Excise) | Quetta | 1990 & 1991 | C.B.R. | |
| 22. | Mr. Ashir Azeem Gill | 17 | Assistant Collector (Probationer) Repeater | Quetta | —do— | —do— | |
| 23. | Kukarram Jah Ansari | 17 | —do— | Quetta | —do— | —do— | |
| 24. | Mr. Sifullah Khan | 17 | Income Tax Officer | Quetta | 1990 & 1991 | —do— | |
| 25. | Mr. Nasir Mahmood | 16 | Probation Acctt. | Quetta | 1991 | Finance, AGP, Lahore. | |
| 26. | Mr Mohammad Saghir | 16 | Inspector | Balochistan (Pishin) | 24-9-1990 | Tourism Division (Departmnt of Tourist Services, Islamabad. | |
| 27. | Mrs. Shahzada Kausar | 17 | Security Officer | Quetta | 10-3-1990 | Aviation. | |
| 28. | Mr. Shahzd Ahmed Baloch | 17 | Research Officer | Quetta | 12-5-1991 | P & D | |
| 29. | Mr. Muhammad Sadiq Tareen | 18 | Assistant Chief | Quetta | 15-12-1991 | —do— | |
| 30. | Mr. Mutahhir Niaz | 17 | A.C (Probationer) | Quetta | 17-7-1991 | Estt. Divn. | |
| 31. | Dr. Saqib Aziz | 17 | —do— | Quetta | 3-8-1991 | —do— | |
| 32. | Mr. Jehanzeb Khan Jogezai | 17 | A.S.P. | Quetta | 1-12-1990 | —do— | |
| 33. | Mr. Asif Saifullah Parach | 17 | A.S.P. | Quetta | 19-10-1991 | —do— | |

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 34. | Mr. Hussain Mirza Mughal | 17 | S.O., (Probationer) | Quetta | 1991 | Estt. Divn. | |
| 35. | Mr. Salahuddin Kakar | 17 | Asstt. Director | Pishin | 8-4-1991 | M/o Interior. | |
| 36. | Mr. Saghir Hussain | 17 | Asstt. Executive Engineer. | Balochistan | 16-11-1991 | Works Division. | |
| 37. | Mr. Muhammad Yamin Javed | 17 | Asstt. Architect | Quetta | 27-9-1990 | —do— | |
| 38. | Mr. Afaq Ahmed | 17 | Seed Analyst | Quetta | 1990-91 | Food & Agruculture. | |
| 39. | Mr. Hamid Ali | 17 | Entomologist | Nasirabad | 1990-91 | —do— | |
| 40. | Miss. Mumtaz Jehan | 17 | Senior Testing Officer | Quetta | 1990-91 | —do— | |
| 41. | Mr. Adil Nadeem Gill | 17 | Probationer | Quetta | 1990-91 | Communications Division. | |

چوہدری امیر حسین: جناب! میں وہ اپنی گزارش کر دوں۔ اس میں پھر میں نے اپنے آفس کی ڈیوٹی لگائی تو میرے جائنٹ سیکرٹری کی بات سیکرٹری صوبائی سے ہوئی۔ انہوں نے یہ بتایا ہے کہ ابھی تک وہ تحریک استحقاق admit نہیں ہوئی ہم نے سیکرٹری صاحب کو پوری پوزیشن بتا دی ہے۔ سپیکر صاحب سے براہ راست میری بات نہیں ہو سکی۔ اس لئے میں گزارش کروں گا کہ چونکہ وہاں بھی یہ pending ہے اس لئے اسے یہاں بھی pending رکھا جائے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ ویسے میری بھی اطلاع یہی ہے شہزاد گل صاحب کہ یہ admit نہیں ہوا۔

جناب شہزاد گل: جناب وہ کمیٹی میں گیا ہے۔ مجھے پتہ ہے۔

جناب چیئرمین: جو میری سرکاری طور پر اطلاع ہے تو آپ بھی مزید پتہ کر لیں۔ اسے پھر دیکھ لیں گے۔

جناب شہزاد گل: مجھے تو یہی معلوم ہوا ہے۔ ابھی میں ہفتے کو گیا تھا انہوں نے کہا کہ ہم نے کمیٹی میں بھیجا ہے لیکن اس پر کوئی فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ کمیٹی کی اب تک میٹنگ نہیں ہوئی۔

جناب چیئرمین: مزید چیک کر لیں۔

جناب شہزاد گل: میری آپ سے درخواست ہے کہ اسے بھی کمیٹی میں بھیج دیا جائے یہ pending رہے گا۔ اگر وہاں پر کوئی تصفیہ ہو جائے تو میں اسے واپس لے لوں گا۔

جناب چیئرمین: یہ مناسب نہیں ہو گا۔ کیونکہ میری اطلاع سرکاری طور پر یہی ہے کہ ابھی وہاں admit نہیں ہوا۔ لیکن مزید تفصیلات بھی لے لیتے ہیں فی الحال اسے pending رکھتے ہیں۔ next admjournment motion۔ جناب خواجہ محمد آصف صاحب۔ وہ خود تو موجود نہیں ہیں۔ but I think a statement was required from the Minister for Finance.

**Mr. Abdul Rahim Khan :** Sir, point of order. Sir, I want to make an oral request through you.

**Mr. Chairman :** What?

LEAVE OF ABSENCE

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: میں اس سیشن کے آغاز میں نہیں پہنچ سکا تو میں ۱۸ تاریخ کے لئے آپ سے رخصت کی درخواست کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جناب عبدالرحیم خان مندوخیل صاحب فرماتے ہیں کہ ۱۸ تاریخ کے لئے ان کی رخصت کی درخواست منظور کی جائے۔

(رخصت منظور کی گئی)

## ADJOURNMENT MOTIONS

*RE :* APPOINTMENT OF TWO DIRECTORS

جناب چیئرمین: جناب خواجہ آصف صاحب کی تحریک التواء نمبر ۱۲۷ منسٹر فار فنانس۔

جناب سرتاج عزیز: جناب اس میں جب دو ڈائریکٹر appoint کئے گئے تھے اس وقت ان کے متعلق اطلاع نہیں تھی اور اب چونکہ اطلاع آئی ہے تو ان دونوں نے اس کمپنی سے resign کر دیا ہے تو so the matter is over

**Mr. Chairman :** So, the two persons in respect of whom you have received information, they have resigned from the board, so there is no problem. So, in the light of the statement of the honourable Minister for Finance, this is disposed off کیونکہ وہ خود تو موجود نہیں ہیں next نمبر ۱۵۴ حافظ حسین احمد اور طارق چوہدری صاحب۔ on the smuggling of foreign cloths to Pakistan

حافظ حسین احمد صاحب۔

(ii) RE : SMUGGLING OF FOREIGN CLOTH TO PAKISTAN

حافظ حسین احمد: میں تحریک کرتا ہوں کہ عوامی اہمیت کے اس مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے۔ روزنامہ جنگ پنڈی کے مطابق گرین چینل کے ذریعے پاکستان میں غیر ملکی مبلوسات کی بھرمار ہو چکی ہے۔ سری لنکا، تائیوان اور کوریا کے ملبوسات نے پاکستانی اشیاء کی مانگ گرادی ہے۔ اس سے مقامی گارمنٹس کی انڈسٹری بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ کیونکہ پاکستانی ملبوسات، بیرون ملک سے ڈیوٹی کے بغیر لائے جانے والے غیر ملکی ملبوسات کا مقابلہ نہیں کرپا رہے۔ اس لئے اس اہم مسئلے پر بحث کی اجازت دی جائے۔

جناب چیئر مین: جناب طارق چوہدری صاحب۔ آپ کا بھی یہی ہے۔

جناب محمد طارق چوہدری: میرے پاس تو ہے ہی نہیں۔

جناب چیئر مین: آپ ان کی تائید کر دیں۔

جناب محمد طارق چوہدری: میں نے تائید کر دی اور ان کے arguments کی بھی تائید کر دی۔

**Mr. Chairman :** Is it being opposed?

**Mr. Sartaj Aziz:** Opposed.

جناب چیئر مین: It is being opposed. جی حافظ صاحب اگر آپ مختصراً بیان فرمائیں۔

حافظ حسین احمد: جناب چیئر مین! اصل میں گرین چینل کو جن مقاصد کے لئے کھولا گیا تھا اور ہم سمجھ رہے تھے کہ اس سے صرف بیرون ملک جو پاکستانی ہیں ان کے دکھوں کا مداوا ہو گا۔ لیکن بعد میں کچھ حقائق ایسے سامنے آئے جس سے معلوم ہوا کہ یہ بھی ایک، پاکستان کی بد قسمتی سے ایک سکینڈل ثابت ہو رہا ہے۔ اور اس میں بڑی بڑی شخصیات ملوث ہیں۔ جنہوں نے باقاعدہ ایک سال کے لئے اسے پٹے پر دے رکھا ہے اور وہاں سے کوئی مخصوص گروہ اس قسم کی اشیاء گرین چینل کے ذریعے پاکستان میں لا رہا ہے۔ اور اس سلسلے میں۔ خصوصاً جو ملبوسات ہیں اس کے متعلق گارمنٹس انڈسٹری والوں پر جو taxes وغیرہ

اور دوسری چیزیں یہاں مسلط ہیں ان کی وجہ سے ان کی جو ملبوسات ہیں ان کی قیمت زیادہ ہے۔ جبکہ وہاں سے بغیر ڈیوٹی کے، اور جس قسم کے ملبوسات آ رہے ہیں اس سے ان کے اس کاروبار کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ اس میں دوسری بات یہ کہ اخبارات کے ذریعے شاید آپ حضرات کے علم میں بھی ہو، کہ ایسے ملبوسات بھی آئے ہیں جن پر، شرٹ نیکر وغیرہ پر آیات قرانی اور مقدس مقامات کی تصاویر ہیں۔ اور کئی پکڑے گئے ہیں۔ اس لئے ہم سمجھتے ہیں کہ گرین چینل کا جن مقاصد کے لئے اعلان کیا گیا تھا اسے ان تک محدود رکھا جائے اور اس کے ذریعے جو سمگلنگ ہو رہی ہے اور اس قسم کی ملبوسات جن پر آیات قرانی اور مقدس مقامات کی تصاویر ہیں لائے جا رہے ہیں انہیں بند کیا جائے۔

جناب سر تاج عزیز: جناب چیئرمین۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے گرین چینل، جو پاکستان سے باہر لوگ کام کے لئے جاتے ہیں ان کی سہولت کے لئے کیا گیا تھا۔ کیونکہ جب وہ وطن واپس آتے ہیں پہلی دفعہ تو کافی دقت ہوتی تھی۔ ان کے سامان کی تلاشی لی جاتی تھی۔ اس لئے یہ سہولت دی گئی تھی کہ جن لوگوں کے پاس ڈیوٹی والی اشیاء نہیں ہیں وہ گرین چینل سے گزر سکتے ہیں۔ اور جن کے پاس ڈیوٹی والی اشیاء ہیں وہ ریڈ چینل سے۔ لیکن یہ ہمارے علم میں ہے کہ بعض لوگوں نے اس سہولت کا غلط فائدہ اٹھایا اور وہ گرین چینل سے ایسی چیزیں لا رہے تھے جن کی قانون کے مطابق اجازت نہیں ہے۔ اس میں مبلوسات کے علاوہ جو زیادہ نقصان ہماری انڈسٹری کو ہوا وہ الیکٹرانکس، ریڈیو، ٹیلی ویژن اور اس قسم کی چیزوں کو بھی کافی نقصان ہوا۔ اس لئے یہ سکیم ہم نے یہ جب سے شروع کی ہے۔ ہر مہینے اسے ریویو کرتے ہیں کہ ہمارا مقصد بھی پورا ہو اور اس کا غلط استعمال بھی کم ہو سکے۔ اب ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ جو مسافر اس میں آتے ہیں ان میں سے پانچ فیصد مسافروں کو ہم کمپوٹر کے ذریعے سلیکٹ کریں مثلاً اگر آپ نے ہر بیسویں کو کرنا ہے تو وہ چھ سے شروع ہو سات سے شروع ہو وہ کمپوٹر ہر روز اس کو ایڈجسٹ کرے، تاکہ کسی آدمی کی صوابدید پر نہ ہو کہ کس کو پکڑنا ہے اس نے، وہ وہاں پر گھنٹی بج جائے گی اور ریڈ لائٹ آجائے گی اور اس آدمی

سے کہا جائے گا کہ آپ اب ریڈ چینل سے گزریں۔ اور وہ اگر ریڈ چینل سے گزرا اور وہ گرین چینل سے گزر رہا تھا اور اس وقت اس کے پاس ڈیوٹی ایبل مال پکڑا جائے، اس کے لئے ہم پینلٹی مس ڈیکلریشن کے لئے بڑھا رہے ہیں اور اس سے تین گنا زیادہ پینلٹی لی جائے گی تا کہ اس سلسلے کی حوصلہ شکنی ہو۔ اگلے چند دنوں میں ہم یہ کمپوٹر تمام ایئرپورٹس میں انسٹال کر رہے ہیں اس کے بعد اس سکیم کا نفاذ ہو جائے گا۔ اس سے امید ہے کہ اس قوت جو بے ضابطگیاں ہو رہی ہے ان میں کمی آئے گی۔ ہر مہینے پھر بھی اس کا ریویو کرتے رہیں گے تا کہ یہ مسئلہ دوبارہ پیدا نہ ہو۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک اچھی سکیم ہے مجموعی طور پر لیکن اس کے غلط استعمال کو کم کرنے کے لئے جو ہم اقدامات کر رہے ہیں اس کا خاطر خواہ نتیجہ نکلے گا۔

جناب چیئرمین: حافظ صاحب اس بیان کی روشنی میں آپ اپنی تحریک پر زور دیں گے؟

حافظ حسین احمد: انہوں نے کوئی زور دار انداز میں یقین دھانی نہیں کرائی بہر حال میں اسے پریس نہیں کرتا۔

جناب چیئرمین: اپنے مخصوص اور شریفانہ انداز میں تو کرا دی ہے۔ فنانس منسٹر صاحب ایک میں نے دیکھا ہے کہ کئی ممالک میں وڈیو کیمرے ہوتے ہیں۔ وہ وہاں پر نصب کیے جاتے ہیں اور اس سے contant monitoring ہوتی ہے۔ مجھے یہ بھی پتہ چلا ہے کہ یہاں پر وڈیو کیمرہ لگائے گئے تھے لیکن جس طرح پاکستان میں ہوتا ہے کہ کوئی نہ کوئی بیچ میں نقص ڈال کر وڈیو کیمرہ کو خراب کر دیا جاتا ہے So, cannot you look into this aspect, also there is a constant 24 hours monitoring?

**Mr. Sartaj Aziz** : That we can also do.......

لیکن اس کے ساتھ ہی ہم پیکیج رولز کو چینج کر رہے ہیں۔ simplify کر رہے ہیں تا کہ اس میں اس وقت قریباً دس آئٹمز ہیں جو ڈیوٹی ایبل ہوں گی باقی پر پابندی نہیں ہو گی جو کپڑوں

کی بات کر رہے ہیں وہ ویڈیو کیمرہ نہیں پکڑے گا کپڑے تو آپ کے اپنے استعمال کے لئے ہیں اس میں آپ دوسرے بھی لا سکتے ہیں تو personal use کی چیزیں جو ہیں......

جناب چیئرمین: کم از کم جو لین دین ہوتا ہے وہ تو پکڑ لے گا۔ پاسپورٹ میں رکھ کر جو کام کیا جاتا ہے وہ تو پکڑا جائے گا۔

So, it is disposed off as not pressed.

Next Mr. Manzoor Ahmed Gichki on the Indus Water Apportionment Accord.

*(Not present)*

**Mr. Chairman :** So, this stands dropped.

Next Mir Abdul Jabbar Khan on the admission in the Model Schools and Colleges.

(نہیں ہیں)

**Mr. Chairman :** Not present. Stands dropped.

Next Raja Muhammad Afzal Khan on the arrest of a PIA official on the charge of heroin smuggling.

Raja Muhammad Afzal Khan Sahib.

(III) RE : ARREST OF A PIA OFFICIAL ON THE CHARGE OF HEROIN SMUGGLING

راجہ محمد افضل خان: میں خاص اہمیت کے خاص واضع مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے التواء کی تحریک پیش کرتا ہوں مسئلہ یہ ہے کہ روزنامہ جنگ راولپنڈی مورخہ ۳۰ جون ۱۹۹۲ء کی خبر کے مطابق نیویارک میں کیٹرنگ منیجر مستنصر حفیظ کے اپارٹمنٹ سے ۵۰ کلو ہیروئین برآمد ہوئی یہ انتہائی اہم واقعہ ہے جس سے ملک و قوم کا وقار مجروح ہوا ہے پی آئی اے کے ملازم سے اس قدر ہیروئن برآمد ہونا اس بات کا ثبوت ہے کہ پی آئی اے والے اس گورکھ دھندے میں ملوث ہیں اور کسٹم اور دوسری ایجنسیاں انہیں تحفظ فراہم کرتی ہیں

میری استدعا ہے کہ اس اہم واقع کو فی الفور زیر بحث لایا جائے۔

**Mr. Chairman :** Is it being opposed?

چوہدری امیر حسین: بات یہ ہے کہ واقعہ بھی بڑا افسوس ناک ہے اور قابل مذمت بھی ہے تو بجائے اس کے کہ اس کو oppose کیا جائے میں ایک statement دینا چاہتا ہوں اس کے فاضل ممبر جس طرح کہیں تو پھر ہاؤس بااختیار ہے جس طرح کہے۔ جناب والا! گزارش یہ ہے اس سے ہیروئن بر آمد بھی ہوئی اور نیویاک پولیس کی custody میں بھی ہے اور ابھی تک اس کی bail نہیں ہوئی لیکن ۸۸ء میں according to rules اس کی پوسٹنگ ہوئی تھی اور مارچ ۹۲ء میں اس کی بیک کراچی میں ٹرانسفر ہو گئی تھی اور اس کی بجائے جس شخص نے وہاں جانا تھا وہ وہاں جائن بھی کر گیا تھا یہ صورت حال ہے۔ جناب والا! یہ واقعہ ۱۵ جون کو ہوتا ہے اور اس کو گرفتار کیا گیا۔ ایک بات یہ ہے جناب والا! دوسرا یہ ویسے بھی گو ہم بحث کرتے ہیں تو جیسے کہ اپنے ملک کا معاملہ ہے تو بدنامی کا باعث ہے اور ہم سب کے لیے شرم کی بات ہے۔ پی آئی اے ڈیپارٹمنٹ جو کر سکتا ہے اس کے تمام اکاؤنٹس اس کی کار forefeit کی گئی اکاؤنٹس seize کر دیئے گئے اس کے خلاف disciplinary ایکشن لیا گیا اور اس کا کیس submit کر دیا گیا.to take the action سروس کا معاملہ termination ہو سکتی ہے dismissal ہو سکتی ہے کیا ہو سکتا ہے محکمہ یہ ایکشن لے رہا ہے۔ واقعہ واقعی اہم ہے Adjourn Motion تو گورنمنٹ کو caution کرنا ہوتا ہے، خبردار کرنا ہوتا ہے، گورنمنٹ پہلے ہی خبردار ہے اس کو علم بھی ہے فاضل ممبر نے یہ جو واقعہ اٹھایا ہے یہ واقعی بڑا اہم بھی ہے تو میں یہ گزارش کروں گا پریس میں بھی واقعہ آ گیا ہے highlight بھی وہ جائے گا۔

جناب چیئرمین : وہ فرما رہے ہیں۔ عدالت میں بھی ہے۔ arrest بھی ہو گیا ہے disciplinary ایکشن بھی لے رہے ہیں۔ تو مزید......

راجہ محمد افضل خان: میں عرض کرتا ہوں ایک individual امریکن گورنمنٹ

ہے اتنے بڑے پیمانے پر یہ کام ہوا ہے یہ اکیلے آدمی کا کام نہیں ہے اس میں اور ایجنسیز بھی involve ہیں میں ان کی statement سے بالکل مطمئن نہیں ہوں کہ اس کے خلاف disciplinary ایکشن لیا جا رہا ہے اس کی ٹرانسفر یہاں ہوئی تھی وہاں ہوئی تھی۔ ۱۵ تاریخ کا واقعہ ہے آج تقریباً ایک مہینہ ہونے کو ہے ہماری جو ایجنسیز ہیں گورنمنٹ ہے اور اس کے جو helping hand تھے جو اس کیساتھ involve تھے آیا وہ کوئی dig out کیے ہیں کیا انکوائری ہو رہی ہے وہ انکوائری کہاں تک پہنچی ہے اس میں کون سے لوگ involve ہیں جناب بات یہ ہے اس طرح ایک individual چلا گیا پکڑا گیا اور اس کے پیچھے جو ہاتھ ہوتے ہیں وہ اصل میں کوئی اور ہوتے ہیں ان کو ہم کبھی نہیں دیکھ پاتے تو میں جناب ان کی statement سے بالکل مطمئن نہیں ہوں۔ میں یہ چاہوں گا اس میں گورنمنٹ کی بڑی رسوائی ہوئی ہے اور یہ بڑا اہم نوعیت کا معاملہ ہے اس میں کافی لوگوں کے involve ہونے کا خدشہ ہے اس لیے میری گزارش ہو گی کہ اس کو اس ہاؤس میں زیر بحث لایا جائے۔ ایک مہینے کی progress ان کی کیا ہے انہوں نے کیا دیکھا ہے اس میں ایف آئی اے کا کون involve ہے اس میں اے ایس ایف کا کون involve ہے کسٹم کے لوگ کون involve ہیں۔ یہ اکیلے آدمی کا کام نہیں ہے۔

<u>جناب چیئرمین</u> : چوہدری صاحب! یہ صحیح فرما رہے ہیں یہ اکیلے آدمی کا ایکٹ نہ ہو اس میں اور لوگ ہوں کیا گورنمنٹ کوئی انکوائری کر رہی ہے تاکہ جو بھی لوگ involved ہوں کم از کم کوشش کی جائے ان کو unearth کیا جائے اور پھر قانون کے مطابق ان کے ساتھ جو بھی کارروائی ہو گی۔

<u>چوہدری امیر حسین</u> : فاضل ممبر کا فرمانا بجا ہے وہ تو میں dispute ہی نہیں کرتا اہمیت کے لحاظ سے کیونکہ گورنمنٹ کی بدنامی بھی ہے۔ جناب والا! گزارش یہ ہے کہ اس کی انکوائری کی جائے ان کا یہ خدشہ درست ہے اور بات ٹھیک بھی وہ سکتی ہے کہ اکیلا

آدمی یہ کام نہیں کر سکتا میں concerned جو ڈیپارٹمنٹ ہے میں اسے کہوں گا کہ اپنے طور پر ڈیپارٹمنٹل انکوائری بھی کرے اور legally کیا پوزیشن ہو گی ایک ایجنسی locally نیویارک میں انوسٹی گیشن کر رہی ہے اور یہاں بھی investigation کی جا سکتی ہے یا نہیں اگر کی جا سکتی ہے تو اپنے لیول پر ضرور کی جائے گی اور میں ایوان کو یقین دلاتا ہوں اس میں جو progress ہو گی اور جو بھی واقعات ہوں گے وہ ایوان کے علم میں بھی لائے جائیں گے۔

جناب چیئرمین : راجہ صاحب اس بیان کی روشنی میں آپ press کریں گے وہ کہتے ہیں کہ انکوائری بھی کرائیں گے اور جو بھی..........

راجہ محمد افضل خان: جناب والا! میں نے جو گزارش کی تھی وہ وزیر موصوف شاید سمجھ نہیں پائے یا پھر اس کو ever-lap کر گئے۔ میری گزارش یہ ہے کہ اگر یہ اس ہاؤس کو یہ یقین دہانی کرا دیں وہاں پر بھی اس نے کچھ disclosure کیا ہو گا آج کل کمیونی کیشن کے ذرائع اتنے زیادہ ہیں فوراً اطلاع آتی ہے کہ کون کون سے لوگ involve ہیں ایک مہینے میں تو کم از کم یہاں پتہ چل جانا چاہیئے تھا۔ اگر یہ یقین دہانی کرا دیں اتنے عرصے کے بعد اس ہاؤس کو یہ انفارم کر دیا جائے گا اس میں کس کس کی involvement ہے اور اسکے خلاف یہاں کیا کیا ایکشن propose کئے گئے ہیں اور آئندہ کے لیے یہ جو کام ہے جنہوں نے پہلے یہ کام کیا ہے پھر وہ معاون ثابت نہ ہوں اگر وہ یقین دہانی کرائیں..........

جناب چیئرمین : بہر حال انکوائری ہو جو بھی ملوث ہو......

راجہ محمد افضل خان : ڈیٹ دیدیں۔

جناب چیئرمین : چوہدری صاحب یہ مشکل ہو گا کیونکہ انکوائری کا پتہ نہیں ہے انکوائری پر وقت لگے گا لیکن جلدی کریں۔

چوہدری امیر حسین: جناب والا! راجہ صاحب کی مہربانی ہے وہ درست فرما رہے ہیں میں نے خود گزارش کی ہے کہ میں ایوان کے سامنے پیش کر دوں گا لیکن تھوڑا سا معاملہ جو

ہوتاہے بعض اوقات till the completion of the investigation or till the completion of the inquiry بعض واقعات کو disclose کرنا investigation کو affect کرسکتاہے توبہرحال جو بھی after the completion صورت حال ہو گی وہ definite ڈیٹ تومیں اس وقت نہ دے سکوں without delaying it جونہی وہ مکمل ہو گی وہ ایوان کے سامنے رکھ دی جائے گی۔

جناب چیئرمین : اور جو چیز آپ ایوان میں نہیں کرسکتے ان کو disclose کردیں۔

چوہدری امیر حسین : ٹھیک ہے جی۔

جناب چیئرمین : اس روشنی میں راجہ صاحب آپ پریس نہیں کریں گے۔ اب تو یقین دہانی آگئی ہے۔

راجہ محمد افضل خان: ٹھیک ہے جی میں پریس نہیں کرتا۔

جناب چیئرمین : شکریہ۔ Not pressed on the assurance of the honourable Minister.

Next is 166 by Muhammad Tariq Chaudhary Sahib, on the issuance of the fake orders for various appointments by the Prime Minister's Secretariat.

### IV. *RE:* ISSUANCE OF FAKE ORDERS FOR VARIOUS APPOINTMENTS BY THE PRIME MINISTER'S SECRETARIAT

جناب محمد طارق چوہدری: شکریہ جناب چیئرمین۔ میں تحریک کرتاہوں کہ عوامی اہمیت کے حامل اس قومی مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے کہ وزیراعظم سیکرٹریٹ سے وزیراعظم کے پرنسپل سیکرٹری کے دستخطوں سے درجنوں کے حساب سے حکم نامے جاری کیے ہیں جن پر ضرورت مند بیروزگاروں سے لاکھوں روپے کے حساب سے رشوت لے کر حکمنامے انکے سپرد کردیئے جاتے ہیں یہ جعلی حکم نامے وزیراعظم سیکرٹریٹ سے

جاری ہونے اور اہم اہل کار اس میں ملوث ہیں۔ ملک کے دور دراز علاقوں سے آنے والے غریب اور نادار لوگ جو تقریباً دو کروڑ روپے سے زیادہ اس مد میں لٹا چکے ہیں اسلام آباد میں مارے مارے پھرتے ہیں اور ان کی کہیں شنوائی نہیں ہو رہی۔ لہٰذا اس اہم اور فوری مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے۔

حافظ حسین احمد: میں تحریک کرتا ہوں کہ درج ذیل اہم قومی المیہ پر بحث کی اجازت دی جائے کہ وزیر اعظم سیکرٹریٹ کے عملے خصوصاً وزیر اعظم کے پرنسپل سیکرٹری انور زاہد کے دستخطوں سے سینکڑوں کی تعداد میں کسٹم، ایف آئی اے، نارکوٹیکس و پی آئی اے میں ملازمتوں اور مختلف مقامات پر قیمتی اراضی کے الاٹمنٹ لیٹر جاری کئے گئے ہیں اور اس ضمن میں لاکھوں روپے رشوت لی گئی ہے اس طرح پہلی بار اعلیٰ سطح پر بدعنوانیوں کا ایک انکشاف ہوا ہے۔ اس اہم مسئلہ پر بحث کی اجازت دی جائے۔

چوہدری امیر حسین: Opposed

جناب چیئرمین: طارق صاحب، مختصراً کچھ فرمادیں۔

جناب محمد طارق چوہدری: مجھے خوشی ہے کہ وزیر صاحب نے ہمیشہ کی طرح اپنی روایت کو برقرار رکھا ہے تاکہ غریب اور نادار لوگ جو ان کے دفتروں میں لٹ گئے ہیں ان کی کہیں شنوائی نہ ہو پائے۔ اس لئے انہوں نے اس کو oppose بھی کر دیا ہے۔ یہ چودہ آرڈرز ہیں جو ابھی تک میرے تک پہنچ پائے ہیں اور اس کے علاوہ کتنے آرڈرز وہ ہوں گے جو دوسرے ذرائع سے جاری ہوتے رہے ہوں گے جو ابھی تک ہم تک نہیں پہنچے۔ جو سب سے پہلا آرڈر میرے پاس ہے وہ ۲ فروری ۱۹۹۲ء کا ہے اور ممکن ہے کہ یہ عمل اس سے پہلے شروع ہوا ہو لیکن اگر یہ فروری میں شروع ہوا تو تب بھی اب تک چھ مہینے اس میں گزر چکے ہیں، ...... اور یہ آرڈر بڑے دلچسپ ہیں ان میں ایک ایک حکم نامے پر ڈیڑھ لاکھ سے پانچ لاکھ روپیہ تک لوگوں سے لیا گیا...... ڈیڑھ لاکھ سے پانچ لاکھ ...... آپ تصور کریں کہ اس میں راولپنڈی کے ایڈیشنل سیشن جج کا ایک ریڈر ہے، اس ریڈر کو براہ راست اسسٹنٹ

آدمی تقریباً......دس آدمی...... شہداد کوٹ اور لاڑکانہ کے ہیں، دو یا تین آدمی گلگت اور بلتستان کے ہیں یعنی دور دراز کے غریب اور نادار بے روگار لوگ لٹتے کہاں ہیں...... پرائم منسٹر سیکرٹریٹ میں۔ یہ کہیں دور کی بات نہیں۔ ناک کے نیچے، اور چند فٹ کا فاصلہ بھی نہیں، اسی دفتر کے اندر اور لٹتے کس طرح ہیں کہ ایک اندھا قاری درمیان میں ہے جو کہ مڈل میں ہے، وہ اندھا قاری کیا ہوا، ساری حکومت اندھی ہو گئی۔

جناب چیئرمین! ہوا یہ کہ ایک آدمی وزیراعظم سیکرٹریٹ میں contact کرتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے انور زاہد صاحب جو پرنسپل سیکرٹری ہیں ان سے ملنا ہے، اب وزیراعظم سیکرٹریٹ کا ٹیلیفون آپریٹر انور زاہد کا نمبر ملاتا ہے......انور زاہد کے نمبر سے کوئی آدمی انور زاہد بنکر اس کو یقین دہانی کراتا ہے کہ ہاں! تمہارے آرڈر نکل چکے ہیں، ہاں، تم payment کر سکتے ہوں۔ پھر پرائم منسٹر سیکرٹریٹ سے سفید رنگ کی کار آتی ہے وہ اس کو لے کر جاتی ہے اور پھر وہ لوگ پرائم منسٹر سیکرٹریٹ میں داخل ہوتے ہیں۔ جناب وہاں پر داخل ہونے کا باقاعدہ ایک سسٹم ہے، باقاعداندراج ہوتا ہے۔ مختلف تاریخوں میں ان کے اندراج میں وہ وہاں جاتے رہے ہیں، آرڈر لیتے رہے ہیں، ان آرڈروں کی تکمیل نہ ہونے کی شکایات کرتے رہے ہیں۔ پھر وہ آرڈر جو ہیں وہ پرنسپل سیکرٹری کا جو پی اے ہے، وہ ان کو دیتا رہا ہے۔

جناب چیئرمین : یہ تو merits پر بات ہو گئی نا، admissibility پر بھی بات کریں۔

جناب محمد طارق چوہدری: میں بات کر رہا ہوں کہ سارا مسئلہ پرائم منسٹر سیکرٹریٹ سے منسلک ہے۔ آپ اسے صوبائی مسئلہ تو قرار نہیں دے سکتے۔ اگرچہ پرائم منسٹر بھی پنجابی ہے، اس کے پرنسپل سیکرٹری بھی پنجابی ہیں، ان کے پی اے بھی پنجاب ہیں، لیکن لٹنے والے غیر پنجابی ہیں...... لٹنے والے غیر پنجابی ہیں لہٰذا یہ بین الصوبائی مسئلہ بھی ہے۔

جناب چیئر مین : راجہ محمد افضل۔

راجہ محمد افضل خان: پوائنٹ آف آرڈر، جناب والا! گزارش یہ ہے کہ ابھی چوہدری صاحب فرمارہے تھے کہ جناب، پرائم منسٹر بھی پنجابی ہے، پرنسپل سیکرٹری بھی پنجابی ہے..... تو میں گزارش یہ کروں گا کہ طارق چوہدری صاحب بھی پنجابی ہیں۔

*************************

+جناب چیئر مین : میں معززاراکین سے درخواست کرتا ہوں کہ ایک دوسرے کا احترام کریں اور مہربانی کر کے ایسا لہجہ استعمال کریں کہ جس سے اپنے colleagues کے احساسات ہیں وہ بھی مد نظر رہیں۔ طارق چوہدری صاحب، میں نے آپ سے بھی یہی درخواست کرتا ہوں۔

جناب محمد طارق چوہدری : بات کرنا مجھے بھی آتی ہے۔

جناب چیئر مین : نہیں پلیز.....وہ بات ختم ہو گئی ہے میں نے وہ کارروائی expunge کردی ہے۔

جناب محمد طارق چوہدری : بہر حال میں ذکر کر رہا تھا کہ لٹنے والے غیر پنجابی ہیں۔ یہاں سے میں نے بات ختم کی تھی......

جناب چیئر مین : ایک تو آپ کہہ رہے ہیں کہ یہ فیڈرل گورنمنٹ کا مسئلہ ہے......

جناب محمد طارق چوہدری : یہ فیڈرل گورنمنٹ کا مسئلہ ہے۔ آگے بھی سن لیں۔ لٹنے والوں نے اسلام آباد پولیس کو بار بار contact کیا ہے، لٹنے والوں نے پرائم منسٹر سیکرٹریٹ کو بار بار approach کیا ہے اور لٹنے والے ہر راستہ اختیار کرنے کے بعد کئی ایک وزراء کے پاس گئے ہیں اور ایک وزیر کی تلاش کرتے کرتے سینٹ لاؤنج میں پہنچے وہاں انہوں نے مجھے یہ چیزیں دی ہیں اور کسی نے اس کو پوچھا نہیں، کسی نے ان کی رپورٹ نہیں لکھی ہے۔ اس کے بعد یہ ہوا ہے کہ جب میں نے سینٹ سیکرٹریٹ کو نوٹس دیا ہے، اسکے بعد پولیس نے خود ان کو approach کیا ہے کہ جی رپورٹ لکھوادیں،

+[ بحکم جناب چیئر مین الفاظ حذف کیئے گئے ]

جناب چیئرمین : +*** پھر طارق صاحب، آپ ایسی باتیں کر رہے ہیں جن سے دوبارہ reaction ہو گا۔

چوہدری امیر حسین : جناب والا!

جناب چیئرمین : آپ بیٹھیں، میں خود ہی چیک کر رہا ہوں۔ ان کو statement دے لینے دیں پھر آپ جواب دے دینا۔

چوہدری امیر حسین: اس stage پہ جناب سے بہتر کون جانتا ہے کہ ......

جناب چیئرمین : نہیں یہی میں کہہ رہا ہوں کہ وہ admissibility پہ آ رہے ہیں کہہ رہے ہیں کہ فیڈرل گورنمنٹ کا مسئلہ ہے......

جناب محمد طارق چوہدری : یہی میرے arguments ہیں آگے آپ نے فیصلہ کرنا ہے۔

جناب چیئرمین : جی حافظ صاحب۔

حافظ حسین احمد : جناب چیئرمین! یہ ایک انتہائی نازک اور اہم مسئلہ ہے خصوصاً اس وقت ملک میں جو حالات ہیں صوبہ سندھ میں جو کارروائیاں ہو رہی ہیں اور کوئی پتہ نہیں ہے کہ ہمارے دن، گھنٹے اور کتنے منٹ باقی ہیں جمہوری اداروں کے، اس وقت ہم سمجھتے ہیں کہ چراغ تلے اندھیرے کی جو مثال ہمارے سامنے آئی ہے۔ اس میں ہم سمجھتے ہیں کہ جس طرح کہا جاتا ہے جی اندھے کو اندھیرے میں بہت دور کی سوجھی، لیکن اسی اندھے کو، ان کا نام غلام سرور ہے ان کو اندھیرے میں نہیں بلکہ روشنی میں بہت قریب کی سوجھی ہے اور انہوں نے پرائم منسٹر سیکرٹریٹ کو جس انداز میں استعمال کیا ہے میں صرف مختصراً اتنا عرض کروں گا کہ اخلاقی طور پہ ہمارے وزیر قانون کو اس اہم مسئلے پر اسے oppose نہیں کرنا چاہیے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ادارے کس لئے ہیں اور اگر ہم اس طرح بے ایمانیوں اور بدعنوانیوں کی پردہ پوشی کریں تو اس سے ثابت ہوتا ہے کہ حکومت بھی اس میں مکمل طور

+[ بحکم جناب چیئرمین الفاظ حذف کئے گئے ]

پہ involve ہے اور یہاں پر وزراء اس کا دفاع کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! میں سمجھتے ہیں کہ جو گاڑی جس طرح انہوں نے کہا آپ نوٹ کریں IDD-5320، جو اس غلام سرور کے پرائم منسٹر سیکرٹریٹ سے ڈرائیور آتا تھا اس کا نام حاجی یعقوب صاحب ہے۔ وہ آکر اس اندھے کو لے جاتا تھا۔ اور وہ سب کے سامنے 816333 ملانے کی درخواست کرتا تھا۔ operator سے وہ خود نہیں بلکہ جس سے وہ پیسے لے رہا ہوتا تھا اسے کہتا تھا کہ آپ وزیر اعظم سیکرٹریٹ میں کہیں کہ غلام سرور چانڈیو آپ سے بات کرنا چاہتا ہے اسکے بعد پی ایس بشیر جو ہمارے انور شاہد صاحب کے .P.S ہیں ان کے مکان کا نمبر بھی نوٹ کر لیں 51/D چکلالہ روڈ پہ وہ اس سے بات کرتا تھا اور جو پیسے دے رہا ہے پہلے .P.S بشیر اس سے بات کرتا تھا اس کے بعد وہ اس سے کہتا کہ آپ انور زاہد سے بات کریں۔ اس کے بعد اس کی انور زاہد سے یا انور زاہد نامی سے............

جناب چیئرمین : تفصیل آگئی ہے۔

حافظ حسین احمد: نہیں میں گزارش کر رہا ہوں جی۔

جناب چیئرمین : آپ admissibility پہ آئیں ناں۔

حافظ حسین احمد: میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اس سے زیادہ حقائق، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ انہوں نے جو oppose کی ہے وہ غلط کیا ہے............

جناب چیئرمین : وہ دیکھ لیتے ہیں ناں کیا کہتے ہیں۔

حافظ حسین احمد : تو میں گزارش کر رہا ہوں کہ اس لئے ہم یہ سمجھتے ہیں اس کے بعد وہ payment کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جناب گاڑی بھیج رہے ہیں اس آدمی کے سامنے سرکاری اور پی ایم سیکرٹریٹ کی گاڑی کو لایا جاتا ہے اور اس کے بعد وہ کہتا ہے جناب کہ شہباز شریف میرا مرید ہے اور میں اس کا خاص آدمی ہوں۔ اور لوگ اسے وزیر اعظم سیکرٹریٹ کے دروازے تک پہنچاتے ہیں۔ اور جناب وزیر اعظم سیکرٹریٹ میں ۹۲۔۵۔۹، اور ۹۲۔۶۔۴ میں اس کی entry موجود ہے کہ لوگ انہیں وہاں پر پہنچا کر گئے ہیں اور وہ

دنوں میں orders کی کاپیاں آپ کے پاس آئیں گی۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ایڈیشنل ڈپٹی سیکرٹری وزارت داخلہ............

جناب چیئر مین : admissibility یہ بتائیں ناں کہ فیڈرل گورنمنٹ کا ہے۔

حافظ حسین احمد: جی بتاتا ہوں کہ ایڈیشنل ڈپٹی سیکرٹری وزارت داخلہ نور محمد سولنگی کا کارڈ اسکے پاس ہے......

جناب چیئر مین : یہ تو ساری واقعاتی بات ہو گئی ناں اس کا طارق چوہدری صاحب نے بھی بتا دیا ہے آپ بتائیں کہ admissible کیسے ہے۔

حافظ حسین احمد : جناب میں یہ کہہ رہا ہوں کہ بنک کے ذریعے ایک شخص نے ۱۱ لاکھ روپے بھیجے ذوالفقار سومرو سے آدھی قیمت لی ہے۔ انہوں نے چار لاکھ روپے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر تاج محمد شاہ سے اس نے تقریباً ۲۰ لاکھ روپے لئے ہیں۔ اور اندھے نے یہ کہا ہے کہ انور زاہد کے ساتھ مجھے ملایا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ جناب اس وقت صورتحال یہ ہے کہ ۸۸ء کی قومی اسمبلی کا بدقسمتی سے میں ممبر تھا اس وقت بھی یہ کہا گیا کہ یہاں کرپشن ہے صدر صاحب کہتے ہیں کہ جناب ثبوت نہیں ہے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس مسئلے کو خدارا oppose نہ کیا جائے اور اس پر بحث کی جائے۔

جناب چیئر مین : جی وزیر صاحب کو سن لیتے ہیں۔

چوہدری امیر حسین : سر گزارش کرتا ہوں۔

(مداخلت)

چوہدری امیر حسین : جناب والا! گزارش یہ ہے کہ یہ بات قطعی طور پر غلط ہے کہ وزیر اعظم سیکرٹریٹ میں جو یہاں الفاظ کئے گئے جو بات کہی گئی کہ کوئی وہاں سے کچھ ہوا ہے یہ قطعی طور پہ غلط ہے میں اس کو without any ambiguity اس بات کی تردید کرتا ہوں کہ یہ غلط ہے بہرحال کچھ لوگوں نے فراڈ کیا ہے دھوکہ کیا ہے اور جعل سازی کر کے

کچھ لوگوں سے پیسے بھی لئے کچھ لوگوں نے احکامات غلط حاصل کرنے کے لئے پیسے دیئے اور کچھ نے لئے، پیسے دینے والے، اور پیسے لینے والے یہ بعد میں جناب والا گزارش کرتا ہوں ان کی کیا حیثیت ہے۔

جناب چیئرمین : دونوں مجرم ہیں حیثیت کیا ہے۔ یہ بڑی واضح بات ہے۔

چوہدری امیر حسین: آخیر میں اس کی وضاحت کروں گا چنانچہ کچھ لوگوں نے ناجائز appointments, postings حاصل کرنے کے لئے پیسے دیئے ہوں گے چنانچہ گورنمنٹ کے علم میں پہلی دفعہ اپریل میں اس سال آئی کہ اس قسم کا کام ہے اور یہ بات جناب پہلی دفعہ نہیں بلکہ مارشل لاء کے دور میں، میرے علم میں ہے کہ ایک شخص یہاں گورنمنٹ ہاسٹل میں رہائی ایسے لوگ ہوتے ہیں جو باہر ہی باہر پتہ بھی نہیں ہوتا کسی کو پیسے بٹورتے ہیں......

جناب چیئرمین : ایک مشیر جعلی آ گیا تھا۔

چوہدری امیر حسین : جی ہاں، اور ایک ایڈوائزر کراچی میں بیٹھا ہے تو جناب اس میں سیکرٹریٹ کا کوئی تعلق نہیں چنانچہ جب یہ بات علم میں آئی کہ سپیشل اسسٹنٹ تو دی پرائم منسٹر کے نام پہ......

جناب چیئرمین : یہ بتائیں کہ اس پر آپ نے کارروائی کیا کی؟ کیس درج ہوا؟

چوہدری امیر حسین : اپریل میں یہ بات آئی کہ سپیشل اسسٹنٹ تو دی پرائم منسٹر کے نام پر کچھ لیٹر باہر باہر جاری کئے گئے تو ہم نے کیبنٹ سیکرٹری کو ایک چھٹی لکھی کہ تمام وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے تمام محکموں attached departments، خود مختار و نیم خود مختار اداروں کو فوری طور پر یہ اطلاع دی جائے کہ اگر اس قسم کا کوئی directive آئے تو اس کی re-confirmation ضرور کرائی جائے جب یہ کیا گیا تو ایک نیا انکشاف ہو گیا کہ جاوید ملک کو کوئی ایڈوائزر کے نام پہ بھی کچھ چھٹیاں جاری کی گئیں اور orders وغیرہ جاری کئے گئے پھر ایک جوائنٹ سیکرٹری اور پرنسپل سیکرٹری کے نام پہ بھی جاری کئے گئے۔

جناب ایک تو یہ step لیا۔ اور دوسرا جناب والا! فوری طور پر صوبوں کے چیف سیکرٹریز کو لکھا چیف منسٹرز کو لکھ دیا گیا۔ اور اس کے بعد آج تک کسی ایسے fake order پہ عملدر آمد اس لئے نہیں ہو سکا کہ وہ نہ establishment ڈویژن میں گیا اور نہ ہی پی ایم سیکرٹریٹ میں دوبارہ confirmation کے لئے آیا بلکہ وہ آدمی پتہ نہیں ان کے پاس ہوں گے چنانچہ گورنمنٹ نے یہ محکمانہ کارروائی کی اور پھر ان ملزموں کو پکڑنے کے لئے حکومت نے ڈی آئی جی کو لکھا کہ اس کی تحقیقات شروع کی جائے۔ تحقیقات ہو رہی ہے اور پھر FIA کو لکھا کہ فوری طور پر اس کی تحقیقات کریں وہ بھی اس کی تحقیقات کر رہی ہے اس کے بعد جناب تھانہ سیکرٹریٹ میں .F.I.R درج کرائی۔

<u>جناب چیئرمین</u> : کیا نمبر ہے ایف آئی آر کا؟

<u>چوہدری امیر حسین</u> : FIR نمبر 92/78 ہے۔ یہ جوائنٹ سیکرٹری PM سیکرٹریٹ نے واں ایف آئی آر درج کرائی۔

<u>جناب چیئرمین</u> : یہ 78 ایف آئی آر کی تاریخ کیا ہے؟

<u>چوہدری امیر حسین</u>: یہ After February درج کرائی۔ یہ تاریخ پڑھی نہیں جا رہی۔ اس کے علاوہ ہم نے پبلک کو بتانے کے لئے اخبارات میں دیا حکومت کی طرف سے یہ جنگ راولپنڈی، تقرریوں اور الاٹمنٹوں کے جعلی احکامات کے ذریعے رقوم بٹورنے والے گروہ کا انکشاف۔ یہ جناب والا ایک خبر آئی ہے۔ عوام جرائم پیشہ اور جعلسازوں کے بین الصوبائی گروہ سے ہوشیار رہیں تمام محکمے اور ادارے کارروائی سے قبل مکمل تصدیق کر لیں۔ سرکاری سرکولر جاری کر دیا گیا۔ یہ ہم نے کارروائی کی۔

<u>جناب محمد طارق چوہدری</u> : پوائنٹ آف آرڈر جی۔ یہ کس دن اور تاریخ کو FIR کی گئی۔

<u>جناب چیئرمین</u> : یہ سب تفصیل منگوا لیں کہ کب یہ .F.I.R درج ہوئی۔

<u>چوہدری امیر حسین</u> : سر! میں منگوا لیتا ہوں۔ پھر دوسرا اخبار ہے مرکز، عوام کو

نوکریاں دلانے والے گروہ سے ہوشیار رہنے کی ہدایت تمام حکومتی اداروں کو بھی سرکولر کر کے چوکنا کر دیا گیا ہے۔ اس کے بعد جناب اخبار آتا ہے Natioan، "Government warns pubic of criminal gangs" انگریزی کے اخبارات ہیں۔ "Government asks citizens to keep vigilance against criminals" یہ جناب والا! آتا ہے The News میں۔ یعنی جتنے اخبارات ہیں۔ یہ مسلم میں بھی آیا۔ انگریزوں کے اردو کے تمام میں یہ دے دیا گیا۔ اب جناب گزارش یہ ہے کہ اگر باہر سے کوئی گروہ یا کوئی شخص باہر ہی کسی سے پیسے لے جاتا ہے اور جعلی، جناب والا! یہ دستخط بھی جناب دیکھیں تو جس طرح ساتویں آٹھویں کے بچے کے دستخط ہوتے ہیں، میرے پاس کچھ ہیں۔ دستخط تمام جعلی ہیں۔ سیکرٹریٹ سے کوئی ایسا آرڈر جاری نہیں کیا گیا۔ باہر اگر کسی نے کیا ہے، ہم نے پرچہ درج کرایا، عوام کو متنبہ کیا۔ تمام صوبائی اور مرکزی ڈیپارٹمنٹس کو وارن کر دیا کہ جب تک اس کی ریکنفرمیشن نہ کی جائے اور ایک بھی ریکنفرمیشن کے لئے..........

جناب چیئرمین : کوئی internal انکوائری بھی ہو رہی ہے۔

چوہدری امیر حسین : جناب والا! وہ internally ہم انکوائری کر رہے ہیں۔ وہ تو اپنے طور پر ہم کر رہے ہیں۔ چنانچہ ہم اپنے طور پر بھی یہ انکوائری کر رہے ہیں کہ کیا کوئی lower level پر یا کسی پہ کوئی آدمی تو اس میں ملوث نہیں ہے۔ اس کو اس وقت dosclose نہیں کیا جا سکتا۔ جناب عالی! گزارش یہ ہے کہ چونکہ فاضل ممبران کے علم میں یہ بات آئی ہے وہ بھی ہم سے cooperate کریں اور ایسے لوگ جو ہوتے ہیں وہ تمام معاشرے کے دشمن ہوتے ہیں۔ نہ صرف گورنمنٹ کے، گورنمنٹ کے دشمن نہیں بلکہ وہ غریب لوگوں کے بھی ہوتے ہیں۔ ہمیں اس بات کا افسوس ہے کہ اگر کسی کا نام لے کر پیسے لے لئے گئے ہیں تو ان لوگوں کو بھی cooperate کرنا چاہئے جنہوں نے پیسے دیئے ہیں وہ تو اس آدمی کو جانتے ہیں۔ پرچہ بھی درج ہے۔ اس میں cooperate کریں اور شامل تفتیش کرائیں اور میں کہتا ہوں واقعات تو سامنے آنے ہیں گورنمنٹ کو توجہ دلانے کے لئے، گورنمنٹ

تو اس motion کے آنے سے پہلے ہی بہت توجہ اس پر دے رہی ہے اور تمام کارروائی کر رہی ہے۔ معاملہ بھی subjudice ہے۔ یہ بہتر بھی نہیں ہوگا کہ انکشافات ہوں یہاں اور اس لئے میں کہتا ہوں کہ یہ مہربانی فرمائیں اور اس کو press نہ کریں۔

جناب چیئرمین : جی طارق صاحب۔

جناب محمد طارق چوہدری : جناب چیئرمین! میں گزارش کرتا ہوں کہ بات یہ سامنے آئی ہے کہ ان کے اپنے بقول، کئی مہینے پہلے ان کو اس بات کا علم ہو گیا تھا کہ اس طرح کی کوئی جعل سازی کی جا رہی ہے۔ اس علم ہونے کے باوجود انہوں نے کوئی پولیس رپورٹ درج نہیں کروائی۔ کوئی انکوائری نہیں کی۔ بلکہ انہوں نے ایک چٹھی لکھ دی، ایک خط لکھ دیا سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ کو کہ اس طرح کے حکم نامے جاری ہو رہے ہیں اور آپ باقی محکموں کو بھی اس کی اطلاع کر دیں۔ انہوں نے اس پر کوئی کارروائی نہیں کی۔ اس کو خط لکھ دیا۔ پھر یہ کہ بعد میں ہم نے ایف آئی کو ایک بھی ایک خط لکھ دیا۔ بعد میں ہم نے آئی جی کو بھی ایک خط لکھ دیا۔ لیکن اب آپ ذرا ان سے ایف آئی آر کی تاریخیں نکلوائیں اور یہ جو ابھی انہوں نے خبر پڑھی ہے اس کی بھی ذرا تاریخ نکلوالیں تو اس بات کا انکشاف ہوگا کہ وہ نہ صرف انہوں نے پوری توجہ نہیں دی بلکہ خود اپنے اردگرد اور اپنے سیکرٹریٹ پہ......اس میں کوئی شک اور ابہام ہی نہیں ہے کہ پرائم منسٹر سیکرٹریٹ میں خواہ وہ کسی بھی سطح پر فراڈ ہوا ہو۔ لیکن پرائم منسٹر سیکرٹریٹ کے اہلکار اس میں بالکل شامل ہیں۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے سینیٹ کے نوٹس آجانے کے بعد، خالی صرف ایک رپورٹ درج ہو جانے سے یہ subjudice کیس نہیں ہو جاتا۔ اس کی اہمیت کم نہیں ہو جاتی اور جناب چیئرمین آپ سے زیادہ کون واقف ہوگا کہ پرائم منسٹر سیکرٹریٹ کے کاغذات اور دوسرے اہلکاروں سے جہاں لوگوں کی اس طرح دسترس اور ان کو رسائی حاصل ہو جائے تو پرائم منسٹر سیکرٹریٹ میں ایک ایک فائل کا ایک ایک کاغذ billions میں کاسٹ کرتا ہے۔ اس کی اہمیت ہے۔ اگر مالی اہمیت نہیں ہوگی تو strategic اہمیت ہے۔ اس نسبت سے یہ پوری انتظامیہ کا یہ

مکمل failure ہے۔ لہٰذا میں اس کو press کروں گا اور یہ کوئی بدنامی وغیرہ کا مسئلہ نہیں ہے۔ اگر باتیں ہمارے ہاں کھل کر سامنے آتی ہیں، اس پہ discussion ہوتی ہے، اس کے مختلف پہلو سامنے آتے ہیں، ابھی یہ چودہ آرڈر آئے ہیں پتہ نہیں اور کتنے سامنے آئیں گے۔

جناب چیئرمین : اس میں یہ بتائیں کہ اس میں جو چیز سامنے آئی ہے وہ یہ ہے کہ ایک تو مقدمہ تاخیر سے درج ہوا ہو گا۔ لیکن ہو گیا ہے اور دوسری یہ ہے کہ گورنمنٹ کہہ رہی ہے کہ جی ہم نے سب کو متنبہ کر دیا ہے یعنی جو کچھ ہم کر سکتے تھے۔ اشتہارات بھی دے رہے ہیں، internal انکوائری بھی کر رہے ہیں اور آپ سے request بھی کی جا رہی ہے کہ آپ کے پاس جو تفصیلات ہیں، آپ نے نام بھی لئے ہیں، infact نوٹ بھی انہوں نے کر لئے ہیں کہ یہ بھی اب گورنمنٹ کو پہنچیں گے وہ انکوائری کریں گے۔ تو یہ ۷۵ (ایل) ہے، وہ کہتا ہے کہ:

> "The adjournment motion shall not relate to a matter pending before any court or other authority performing judicial or quasi-judicial functions :"

تو مجھے ذرا اس پر مطمئن کر دیں کہ چونکہ اب جو بھی حکومت کہہ رہی، وہ کہتے ہیں کہ جو ہم کر سکتے تھے کہ یہ فراڈ ہے، سب مانتے ہیں۔ ہم نے انکوائری بھی آرڈر کر دی۔ حکومت کہہ رہی ہے کہ ہم نے سب کو متنبہ بھی کر دیا ہے اور خط بھی لکھ دیا ہے اور مقدمہ بھی درج کرا دیا ہے۔ تو اب یہ بتائیں کہ admit کر کے بحث کرنے سے کیا حاصل ہو گا۔

جناب محمد طارق چوہدری : دیکھئے جناب اگر کوئی آدمی پکڑا جائے اس کے خلاف انکوائری ہو، bail کے لئے وہ عدالت میں چلا جائے پھر تو ہم کہیں کہ کیس subjudice ہو گیا۔ یعنی simple ایک اے ایس آئی کے پاس رپورٹ درج کروانے سے اور وہ بھی آپ کے پریشر سے یہ کچھ نہیں ہو جاتا اور جناب چیئرمین اس میں وہ لوگ بہت دنوں سے کوشش کرتے رہے۔ ہر سطح پر پولیس تک نے ان کی رپورٹ درج کرنے سے انکار کیا۔ وجہ

اس کی کیا تھی۔ یہ آپ بہتر طور پر سمجھ سکتے ہیں۔ لہٰذا کیس subjudice ہے ہی نہیں۔ خالی رپورٹ درج کر لینے سے کچھ بھی نہیں ہوتا۔ اہمیت کے اعتبار سے یہ اتنا ضروری ہے کہ اس کو آسانی سے نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔

جناب چیئرمین : حافظ صاحب آپ کچھ فرمانا چاہ رہے ہیں۔

حافظ حسین احمد : جناب والا! جہاں تک ہمارے محترم وزیر صاحب نے فرمایا ہے، یہ مسئلہ اپریل کا ہے۔ ہمارے پاس جو ریکارڈ ہے اس میں جون اور جولائی کی ابتدائی تاریخوں کے بھی آرڈرز ہیں اور اس میں واضح طور پر انور زاہد صاحب کا نام ہے، ان کے پی ایس کا نام ہے اور ان کے گھر کے نمبر ہیں، ان کے ٹیلیفون نمبر ہیں، گاڑی کا نمبر ہے۔

جناب چیئرمین : یہ آپ نوٹ کر لیں سارا۔

چوہدری امیر حسین: جناب میں کر رہا ہوں۔

حافظ حسین احمد : یہ تمام چیزیں ہیں۔ لیکن میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت یوں معلوم ہوتا ہے کہ سرکاری circular جو انہوں نے کہا ہے یہ ہمارے شور کرنے کے بعد اخبارات میں چھپے ہیں۔

جناب چیئرمین : وہ صحیح ہے۔

چوہدری امیر حسین: وہ پہلے ہی ہے جی۔

حافظ حسین احمد : اس وقت صورت حال یہ ہے کہ جس طرح وہ فرمارہے ہیں، ہم نے کہا جی ایف آئی آر اگر درج ہوا ہے اس میں کس کس کے نام ہیں اور جب چالان ہے، وہ عدالت میں پیش ہوا، پھر یہاں کل ہی ہم نے بنی گالہ پر بحث کی۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ایسا مسئلہ نہیں ہے۔ نہ یہ عدالت میں زیر سماعت ہے اور پھر چوہدری نثار صاحب کے محکمے میں بعض لوگوں کے آرڈر بھی اسی base پر ہو چکے ہیں۔ چوہدری نثار صاحب کے محکمے میں جب یہ آرڈر لے کر گئے تو وہ بیچارے کچھ زیادہ ہی تھے، انہوں نے کہہ دیا کہ ان کو رکھا جائے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ فوری طور پر خدارا اس مسئلے کو اور تحریک استحقاق کو آپ منظور کریں۔

جناب چیئرمین : اچھا یہ جو ایف آئی آر ہے اس کی legible کاپی جو پڑھی جا سکے وہ مجھے پہنچا دیا۔ تو میں اس پر ruling reserve کرتا ہوں۔

چوہدری امیر حسین: جناب ایک صرف گزارش کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین : فرمائیے۔

چوہدری امیر حسین : جناب چونکہ میں نے فاضل ممبران سے درخواست کی تھی اس لئے میں وہ raise نہیں کرنا چاہتا ۷۵ (اے) اور (بی)، یعنی بقول ان کے یہ کہتے ہیں کہ فروری سے مختلف آرڈرز ہوتے رہے ہے۔

"It shall relate substantially to one definite issue."

یہ تو پھر ارجنٹ بھی ہونا چاہیئے۔ میں صرف درخواست کروں گا He is a collegue کہ ہم پہلے ہی اس کا بڑا serious نوٹس لے رہے ہیں۔ ہم پہ حرف آ رہا ہے۔ تو Adjournment Motion پر بھی بحث کر کے دو گھنٹے کہیں کہ گورنمنٹ کو warn کرنا ہے۔ ہم پہلے ہی کر رہے ہیں۔ یہ مہربانی فرمائیں اور بجائے اس کے کہ جناب کوئی رولنگ دیں۔ میں اپنے بھائیوں سے گزارش کروں گا کہ اس کو press نہ کریں، ہمیں احساس ہے۔

جناب چیئرمین : کیوں جی press کریں گے۔

حافظ حسین احمد: ہم شدید press کرتے ہیں اور یہ ایک ایسا مسئلہ ہے......

جناب چیئرمین : ہو گیا جی مسئلہ۔ آپ مجھے ایف آئی آر کی کاپی پہنچائیں۔ تحاریک التواء کا ٹائم ختم ہو گیا ہے جی۔ جی دس منٹ پہلے ہی اوپر ہو گئے ہیں۔

سید اقبال حیدر : جناب والا! ایک میری بھی ہے۔ جناب عالی! نثار چوہدری صاحب نے اور حیدر وائیں صاحب نے افواج پاکستان کو بدنام کرنے کے لئے، ان کی کارکردگی پر بھی سنگین تنقید کی ہے اسکے اوپر بحث لازمی ہے۔ آج آخری دن ہے جناب۔

جناب چیئرمین : ٹائم ختم ہو گیا ہے جی۔ میں کیا کر سکتا ہوں مجھے بتائیں ناں۔

کیا میں رولز کو amend کر دوں۔

سید اقبال حیدر : جناب! آپ آج اپنی مرضی چلالیں۔

جناب چیئرمین : جب میں اپنی مرضی کروں گا تو پھر آپ ہی لوگوں کو تکلیف ہو گی آپ کہیں گے کہ اپنی مرضی کر رہا ہے۔ آپ کے لیڈر یہ بھی کہتے ہیں کہ گول کیپر ہو گیا ہے۔ آپ ہی کے لیڈر تنقید کر رہے ہیں کہ گول کیپر ہو گیا ہے تو آپ اب کہہ رہے ہیں کہ مرضی کروں تو پہلے آپس میں فیصلہ کر لیں۔

سید اقبال حیدر : آپ اپنی مرضی ہماری خواہش کے مطابق کر لیں۔

جناب چیئرمین : آپ پہلے اپنی پارٹی میں فیصلہ کر لیں کہ مجھے کیا رول دینا چاہتے ہیں۔

حافظ حسین احمد : جناب! آپ کسی دن ہمارے بھی گول کیپر بن جائیں۔

جناب چیئرمین : میں سارے ایوان کا گول کیپر ہوں اور سارے ایوان کا دفاع کرتا رہوں گا بحیثیت گول کیپر کے۔ شکریہ جی۔ next چوہدری امیر حسین صاحب۔

**Syed Iqbal Haider :** Sir, point of order. Sir, yesterday an important discussion took place with regard to the privileges and benefits of the members of Parliament and on that Sir, I would humbly draw your kind attention. The government said that a Bill was moved in the National Assembly and it was then withdrawn and it requires further legislation. The rules in this regard relate to the members of the Parliament ; allowances, privileges, rules and orders 1988, Sir, in that rules 14(A) it reads that :-

> "this Act shall have effect subject to such instructions, rules, exceptions, further concessions or easements as the federal government may from time to time issue or grant."

My contention is that in the presence of this rule no new legislation is required to increase the benefits and privileges of the members of the Parliament. One is that point Sir, and in line with this, I would draw your kind attention to the 12th Amendment of

the Constitution. Even in that amendment the benefits and privileges of the superior judiciary including the High Courts and Supreme Court were increased to double, almost double or more than double in many cases. Sir, one clause in 12th amendment was added that the President may revise and increase or change these benefits and privileges from time to time in his discretion. Sir, third I will come on the benefits and privileges of the bureaucrats. Government enjoys sufficient discretion in increasing the benefits and privileges of the secretaries and on that Sir, I would humbly submit that the benefits and privileges of all the Federal Secretaries of Grade-20 and above have been recently increased in many cases much more than double like house allowance, like the privilege to travel in first-class whenever they are going abroad. So, when they go abroad they are allowed to travel in first-class and the members of the Parliament in the same delegations are embarrassed to sit in economy class which we don't mind, I am all for economy class but why should a secretary be given the privilege to sit in the first-class. They should all sit, we are all public, they call themselves public servant, we are public representatives. So, the point of order is Sir,......

**Chaudhry Amir Hussain :** Sir, point of order.

(مداخلت)

سید اقبال حیدر : چوہدری صاحب ذرا صبر کریں میں پوائنٹ بنا رہا ہوں۔

چوہدری امیر حسین : کون سا رول violate ہوا ہے۔

سید اقبال حیدر: چوہدری صاحب میں وہی تو بنا رہا ہوں۔

جناب چیئرمین : آپ مختصر کریں۔ بات ختم کریں۔ I will sumarize what you are saying and what you are saying is that ججز کی تنخواہیں بڑھ گئی ہیں۔ سرکاری افسران کی بڑھ گئی ہیں۔ مہنگائی زیادہ ہو گئی ہے۔ کرائے بڑھ گئے ہیں۔ ریل کے، ہوائی جہاز کے کرائے۔ ٹیلیفون کے بل بڑھ گئے ہیں۔ rents بڑھ گئے ہیں۔ اور آپ کہہ رہے ہیں کہ ۱۴(اے) ہے جو I am sure they have noted it and let the Law Minister examine.

سید اقبال حیدر: اگر حکومت چاہتی ہے تو قانون سازی کی ضرورت ہی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین : بہرحال پوائنٹ آف آرڈر تو as such نہیں بنتا لیکن لاء منسٹر موجود ہیں انہوں نے نوٹ کرلیا ہے۔

سید اقبال حیدر: جناب انہوں نے کہا تھا کہ قانون سازی کی ضرورت ہے۔ پوائنٹ آف آرڈر اس لیے بنتا ہے۔

جناب چیئرمین : بہرحال ضرورت ہے یا نہیں ہے۔

(قطع کلامی)

جناب چیئرمین : بہرحال let them examine it آپ نے پوائنٹ raise کر دیا۔

**Chaudhry Abdul Ghafoor :** These are being governed by the the rules or under the Act, no such provision is made under the Act.

چوہدری عبدالغفور: بہرحال اس کے تحت کام چل سکتا ہے تو we will do it لیکن اگر قانون کی ضرورت ہے تو قانون بھی بنائیں گے۔

**Mr. Chairman :** I think you have made your point Mr. Iqbal Haider and I am sure the Law Minister will examine it.

**Syed Iqbal Haider :** Sir, the last thing is that in the warrant of precedence members of Parliament are given a status over and above the secretaries.

**Mr. Chairman :** Quite right.

**Syed Iqbal Hider :** It is embarrassing that members of parliament are denied similar privilege.

*(interruption)*

**Mr. Chairman :** Anyhow I am sure that the Law Minister has noted it. It does not become a point of order.

جناب عالم علی لالیکا: جناب! میری ایک تحریک استحقاق تھی جو میں نے ایوان کو دی تھی اور جس کا نوٹس بھی مجھے موصول ہو چکا ہے۔

جناب چیئرمین : امیر حسین صاحب that was the one جو عباس شاہ صاحب نے کیا تھا۔ اس کو آج لیا جا سکتا ہے؟

چوہدری امیر حسین : جناب والا! میں نے اسے دیکھا ہے۔ ویسے منسٹری سے بھی اطلاع لینی ہوتی ہے۔ اسے میرے خیال میں فی الحال defer کر دیں پھر آئندہ دیکھ لیں گے۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں آئندہ پھر اسے لے لیں گے۔ کیونکہ ذرا تفصیل آجائے۔ Information Minister صاحب آجائیں۔

جناب عالم علی لالیکا : جناب والا! انہوں نے جو کچھ کہنا تھا وہ کہہ چکے۔ نہ تو انہوں نے حقائق پر base کی ہے اپنی بات۔ انہوں نے جو دشنام طرازی کی ہے وہ میں بھی کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین : اگر Information Minister صاحب آجائیں۔ ان کی موجودگی میں بہتر ہوگا۔

جناب عالم علی لالیکا : جناب والا! Every Minister is the representative on behalf of the government اس میں Information Minister کی ضرورت نہیں ہے۔ جناب والا!

جناب چیئرمین : وہ میں نے دیکھا ہے۔ اس میں مجھے صرف ایک دقت ہے۔ جس کے لیے میں Information Minister صاحب کی موجودگی چاہتا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ اس کا نام نہیں ہے جس نے وہ کیا ہے۔

جناب عالم علی لالیکا : جناب نام نہ ہو۔ اخبار تو مسلم ہے۔ ویسے اگر آپ یہ چیزیں سمجھتے ہیں کہ درست ہیں تو پھر میں بیٹھ جاتا ہوں۔ اور اگر یہ درست نہیں ہیں تو پھر مجھے موقع دیجئے۔

جناب چیئرمین : منسٹر صاحب آجائیں۔ ان کی موجودگی میں take up کریں گے تاکہ انہیں بھی پتہ ہو۔

جناب عالم علی لالیکا : جناب! اس وقت تو سیشن ختم ہو جائے گا۔ میرا استحقاق مزید مجروح ہو رہا ہے۔ پہلے ہی مجروح تھا اب اور مجروح ہو رہا ہے۔

جناب چیئرمین : میں اسے رکھوں گا۔ اسے lapse نہیں ہونے دیں گے۔ اسے رکھیں گے۔ ویسے بھی اسے take up کروں گا۔ with the Information Minister چاہے سیشن ہو یا نہ ہو۔ I will ask him تاکہ رپورٹ آ جائے۔ مجھے پتہ چل جائے کہ کیا ہے۔ تو یہ مسئلہ ایسا ہے۔ اسے میں Information Minister صاحب سے discuss کروں گا even if there is no session to determine what should be done becuase I agree with you.

جناب عالم علی لالیکا : ٹھیک ہے جناب والا! جو کچھ اس نوبل پاکستانی نے ہمارے متعلق کہا ہے اس وقت تک میں اپنے آپ کو وہی سمجھے رکھوں گا۔

جناب چیئرمین : میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں کہ baseless اور بغیر کسی وجہ کے اراکین پارلیمینٹ کو malign کرنا۔ یہ بھی ایک بہت غیر ذمہ دارانہ حرکت ہے جس کے لیے ہم سب کو اخبارات کو ممبران کو پبلک کو because these institutions have because these institutions have to be respected and any effort, any campaign by which they have been tarnished is not in the national interest. I will take it up. میں دیکھوں گا اسے next نمبر ۳ چوہدری امیر حسین صاحب۔ یہ پہلے مجھے لسٹ دے دیں۔ اس میں صرف ایک تھا کہ میں چاہتا ہوں کہ پی ڈی اے کا nominee آ جائے۔ تو اس میں آپ جو بھی noninate کریں آپ فیصلہ کر کے مجھے بتا دیں۔ کیونکہ میں چاہتا ہوں کہ آپ کی پارٹی کا nominee آ جائے So, we will leave it as nominee of PDA.

سید اقبال حیدر: نام ڈال دیا ہے۔

جناب چیئرمین : نام ڈال دیا ہے۔ کیا آپ کا وہ nominee ہے؟

سید اقبال حیدر : جی ہاں۔

چوہدری امیر حسین: باہمی مشورہ سے ڈال دیں۔

جناب چیئرمین : ایک کا نام آئے گا۔

سید اقبال حیدر : ایک کا تو نہیں آئے گا۔ چوہدری صاحب اس میں تیرہ چودہ ہیں۔

جناب چیئرمین : بارہ ہوتے ہیں۔ مجھے لسٹ دکھایئے۔ میں چاہ رہا تھا کہ ایک آپ کا nominee آجائے۔ آپ مجھے بتادیں۔

چوہدری امیر حسین : عبداللہ شاہ کو ڈالنا ہے ڈال لیتے ہیں۔ ہمیں تو کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب چیئرمین : یا ہم اس طرح لکھ دیتے ہیں nominee of PDA یہ آپ مجھے بعد میں بتادیں۔

چوہدری امیر حسین : لیڈر آف دی اپوزیشن جس کا بنادے گا وہ ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے۔ .O.K اس پر move کردیں جی۔

**Ch. Amir Hussain :** Sir, I beg to lay on the table of the House a list of the Functional Committee on Human Rights, as envisaged by Rule 142-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988 for composition and election of the said Committee by the House.

**Mr. Chairman :** It has been moved by Chaudhry Amir Hussain, the Minister for Parliamentary Affairs that following constitute the Functional Committee on Human rights, as envisaged by Rule 142-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988 for composition and election of the said Committee by the House :-

1. Senator Khalilur Rehman
2. Senator Dr. Noor Jehan Panazai, Deputy Chairman
3. Senator Malik Faridullah Khan
4. Senator Brig. (Retd.) malik Muhammad Hayat
5. Senator Mahmood Ahmed Minto
6. A Senator to be nominated by the PDA
7. Senator Iqbal Ahmed Khan
8. Senator Mukhdoom Khaliq Uzaman

9. Senator Mir Abdur Rehman Jamali
10. Senator Dr. Abdul Ghafar Jatoi
11. Senator Raja Zafar-ul-Haq
12. Senator Abbas Shah

Now I put the question.

چوہدری امیر حسین: اب تو جناب lay ہو گئی اب میں نمبر ۴ پر آؤں گا۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: تمام اپوزیشن جو ہے اس سے ایک آدمی آپ لے رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ کا ایک گروپ ہے جی۔ آپ سب نے ایک گروپ بنایا ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: ہماری پارٹیاں ہیں، ہر پارٹی اپنی نمائندگی کرتی ہے۔

جناب چیئرمین: لیکن آپ نے لیڈر آف دی اپوزیشن چنا ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب! اگر حکومت کا ایک لیڈر آف دی ہاؤس ہے اور اس میں ان کے گیارہ نمائندے آ رہے ہیں یعنی وہ بھی ایک پارٹی ہے یعنی گورنمنٹ سائیڈ ہے اور ہم یہاں سات آٹھ پارٹیاں ہیں۔

جناب چیئرمین: اس کی آپ کمپوزیشن دیکھیں کہ آپ کے کتنے ممبران ہیں حکومت کے کتنے ہیں یہ بھی دیکھیں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: لیکن جناب والا! پارٹی کے لحاظ سے تو آپ نے ہمیں نمائندگی دینی ہے۔

جناب چیئرمین: آپ کا تو ایک گروپ ہے............

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب والا! یہ Human Rights کمیٹی ہے اور Human Rights جو ہیں basically جو ہیں حکومت اس کو نقصان پہنچاتی ہے۔ mainly تو اس پر Human Rights Committee ہے سینٹ کی، اب ان سے آپ سب بنالیں تو اس کے معنی ہیں It is not a Human Rights Commitee.

جناب چیئرمین : اس کو اس طرح لیتے ہیں کہ فی الحال پھر defer کر دیتے ہیں
You again consult and come up with something.

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : جناب والا! اس پر تو آپ کو ہم سے باقاعدہ مشورہ لینا چاہیئے۔

جناب چیئرمین : آپ کا ایک اپوزیشن گروپ ہے آپ آپس میں مشورہ کرلیں اور مجھے بتادیں جو آپ کا نامزد نمائندہ ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : یہ جناب اس سے پہلے ہونا چاہیئے تھا یہ Human Rights Committee ہے۔

جناب چیئرمین: میں نے اسی لئے یہ پہلے...... کیونکہ مجھے یہ پتہ چلا تھا کہ there is some difference of opinion amongst the Oppositon Groups کہ ان کا کون nominee ہوگا اس لیے میں نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ آپ مشورہ کر کے فیصلہ کرلیں۔

جناب شہزاد گل : ایک تو آپ نے آئی جے آئی کے ممبران کو نامزد کیا اور اپوزیشن کو بھی حق دیا ہم جو نہ آئی جے آئی کے ممبر ہیں اور نہ اپوزیشن کے ہیں۔ ہماری کیا پوزیشن ہو گی۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس میں ایسے ممبران ہیں جو پہلے ہی سے تین تین کمیٹیوں میں ہیں۔

جناب چیئرمین : وہ مجھے بتادیں اور اگر ایسا بھی اعتراض ہے تو اس کو فی الحال پھر defer کرتے ہیں اور یہ بھی آپ مجھے بتادیں کہ کون ہیں جو تین تین کمیٹیوں کے ممبر ہیں۔

جناب شہزاد گل : یہ کمیٹی ابھی نہ بنائی جائے اور اس کو pending رکھا جائے۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے اس pending کر دیتے ہیں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : جناب والا! ہمیں کم از کم ایسے ambarrass نہ کیا جائے"

جناب چیئرمین : جب آپ نے ایک group from کر لیا ہے تو آپ کا ایک discipline ہونا چاہیئے آپ مجھے بتادیں آپ کا nominee کون ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : ہم علیحدہ پارٹیاں ہیں جناب والا!

جناب چیئرمین : دیکھیں! ہم نے ایک لیڈر آف دی اپوزیشن بنادیا ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : Human Rights Committtee میں مختلف نقطہ نظر کو پیش ہونا چاہیئے۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں اس کو otherwise discuss کرلیں گے اور مجھے آپ بتائیں میں آپ کے مشورے سے اس کو finalize کروں گا۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : ٹھیک ہے۔

جناب فتح محمد خان : جناب والا! یہ چند ایک حضرات ہوتے ہیں جو منظور نظر ہوتے ہیں یا خوشامدی ہوتے ہیں۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے آپ مجھے اعتراض بتادیں میں اس کو سارا consider کرلوں گا۔

جناب فتح محمد خان : ہم سے مشورہ نہیں ہوتا ہمیں پتہ نہیں ہوتا چند ایک منظور نظر............

جناب چیئرمین : دیکھیں! میرے لیے یہ ممکن نہیں ہوگا کہ میں ۸۷ آدمیوں سے مشورہ کروں لیکن آپ کے جو گروپس ہیں یا آپ کے جو نمائندے ہیں ان سے تو کر سکتا ہوں تو اس کو آپ دیکھ کر مجھے جو مشورہ دیں گے اس کے مطابق کرلیں گے۔

جناب فتح محمد خان : ہم سے تو کوئی صلاح مشورہ نہیں ہوتا۔

جناب چیئرمین : مجھے آپ کوئی طریقہ کار بتادیں کہ ان معاملات میں کیسے مشورہ کیا جائے۔

جناب فتح محمد خان : وہ چاپلوسی کا طریقہ ہمیں بھی بتائیں ہم بھی کرتے رہیں گے۔

جناب چیئر مین : یہ ایوان کا فیصلہ ہے میرا نہیں ہے۔ جو ہاؤس فیصلہ کرے گا فائنل وہی کریں گے۔

جناب بشیر خان ترین : جناب چیئر مین صاحب! میں یہاں پہ بات واضح کروں پہلے ہمارے منظور ککی صاحب نے بھی فرمایا تھا کہ ہم حزب اختلاف میں ان کو قائد حزب اختلاف تسلیم نہیں کرتے ہمارا اپنا آزاد گروپ ہے۔

جناب چیئر مین : ٹھیک! آپ کی بات بالکل مناسب ہے، تو اس کو defer کرتے ہیں۔ آپ سے مشورہ کر کے میں اس کو دوبارہ لے آؤں گا۔

جناب عالم علی لالیکا : میں جناب فتح محمد خان سے متفق ہوں کہ چند منظور نظر افراد ایسے ہیں جن کے گرد ساری چیز بار بار گھومتی رہتی ہے ہمیں پتہ نہیں چلتا کہ کیا criteria ہے کیا بات ہے یا کیسے ہے یہ عجیب سی صورتحال ہے۔

جناب چیئر مین : سینیٹر نسرین خلیل الرحمٰن پہلی دفعہ آرہے ہیں کیوں کہ انہوں نے یہ شروع کیا ہے نور جہاں پانیزئی ڈپٹی چیئر مین ہیں، ملک میں فرید اللہ خان فاٹا کے نمائندے ہیں اور فاٹا والے ان پر متفق ہیں، بریگیڈیئر حیات صاحب فیڈرل ایریا کے ہیں اور میرا خیال ہے فیڈرل ایریا والے ان پر متفق ہیں۔

جناب عالم علی لالیکا : مجھ سے آپ نام اگلوانا چاہتے ہیں میں نہیں چاہتا آپ خوب جانتے ہیں کہ کون لوگ ہیں جو kitchen cabinet ہے اور جو منظور نظر افراد ہیں اور جن کے گرد سب چیز گھومتی ہے۔ جناب والا! اگر یہ الیکشن ہی ہونا ہے تو nominations مانگ لیجئے گا اور ان پر الیکشن کروا لیجئے گا یہ کوئی بات نہیں کہ وزیر صاحب کچھ خاص آدمیوں کو بار بار گھما کر لاتے رہیں۔

جناب چیئر مین : ٹھیک ہے آپ کی بات جائز ہے۔ میں آپ سب سے مشورہ کر کے اس کو finalize کروں گا اور آپ کے جو اعتراضات ہوں گے ان پر پورا صحیح غور کیا جائے گا۔ اگر کوئی تین سے زیادہ ہے تو ان کو نہیں رکھا جائے گا اور جو آپ لوگ کہیں گے وہ رکھے جائیں گے۔

حافظ حسین احمد : جناب والا! ابھی آپ نے فرمایا کہ آپ کو اختلاف ہے تو آپ کے لیڈر نے کہا نہیں بھی آپ مشورہ دیں جنہیں آئی جے آئی میں اختلاف ہے کہ وہ بھی اپنے دو تین لیڈر مقرر کریں تا کہ آپ کو دقت نہ ہو سکے۔

جناب چیئرمین : صحیح بات ہے جی آپ کو بھی discipline قائم رکھنا چاہیئے لیکن آپ کی بھی سوچ ہو...... لیکن یہ مسئلہ ایسا تھا کسی کو پتہ نہیں تھا یہ صحیح ہے یعنی جس طرح آپ لوگوں میں ایک دم آیا تو اس طرح ہی..........

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : جناب Human Rights Committee اور اس کی essence، اس کی spirit اس کا purpose سب کو معلوم ہے۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے جی اگلا آئٹم نمبر ۵ regarding the Copyrights Ordinance. Any comments, Syed Iqbal Sahib, on this. اس پر اقبال حیدر صاحب آپ کی کوئی motion تو نہیں ہے۔

سید اقبال حیدر : جی motion ہے Standing Committee کو refer کرنے کی جناب۔ To refer it tothe Standing Committee concerned.

*(Pause)*

جناب چیئرمین: آپ موو کریں۔

**Syed Iqbal Haider :** Sir, I move that the Copyright (Amendment) Bill, 1992 may be referred to the Standing Committee concerned.

**Mr. Chairman :** Is it being opposed?

**Syed Fakhar Imam :** Opposed.

**Mr. Chairman :** Opposed. Syed Iqbal Haider please explain it.

**Syed Iqbal Haider :** Sir, the basic reason for moving the Bill instead of amendment was that the entire Bill has been drafted

including Computers home video films as well as books and periodicals. Now I am all for cheap books. My Government and I am proud of it. In 1973 we had changed the Copy right laws to enable Pakistani people to have the reprinted books in Pakistan which are otherwise denied to them. I can't afford to buy a text book of 2500 rupees or law book of 2500 or 3000, 4000 rupees. Now this copy right bill seeks to undo the liberty I had given to the people of Pakistan to acquire cheap books by having it printed a photo copies. Now this prohibits ones from buying books. So it means that the sources of knowledge will be more expensive and this Government would be promoting illiteracy. One is on books, second is on Computers Sir. Computer is a new technology, please allow it to be freely available to the people of Pakistan. I strongly resent and oppose it. 3rd Sir there was a clause for punishment. بڑی مزے دار ہے یہ۔ یہ بڑی naive ہے۔ even the principles of double jeopardy have been completely ignored which are prohibited in the Constitution.

**Mr. Chairman :** Do not go into detail.

**Syed Iqbal Haider :** Besides the previous clauses of penalty they have also created five new offences, in addition to the previous offences and I can be implicated in all five offences by one act and that is basically against the Constitution.

**Mr. Chairman :** What you are saying is کہ بھئی larsh بھی ہو گیا ہے تو you wanted to go to the Standing Committee.

**Syed Iqbal Haider :** Right. And lastly Sir that even the sanctity of house and place of work is being violated by authorizing a Sub-Inspector under this clause 23, Sub Inspector to raid my house without any prior permission, without any warrant and the sanctity of house.........

**Mr. Chairman :** Yes Law Minister Sahib.

**Ch. Abdul Ghafoor :** Sir without going into the details of the Bill as you know Sir.......

جناب چیئرمین : اس وقت تو سٹینڈنگ کمیٹی کا motion ہے۔ نال بل آپ کے سامنے ہے discuss کر لیں۔

without real consideration of the issues and without really applying Assembly gives me clear impression that it has been passed even without proper reading it, even by the Ministry itself. Why I say so, Sir, that this Bill enlarges its scope to such and extent that I would say that it would be the easiest tool of terrorism in the hands of SHO or Sub-Inspector and even those oppressive provisions which we refuse to admit or allow and on which the Interior Minister was very kind to withdraw, the search of the houses and the places of work without warrant. As you would recall that while we were discussing the Bill for recovery of the illicit arms that point was very much acknowledged and admitted even by the Interior Minister that we should not give this unchecked right to Sub-Inspectors and SHO to raid the houses of the citizens without any warrant.

*(interruption)*

**Mr. Chairman :** What I am saying is کہ اب اس کے بعد general discussion ہو گی۔ اس پہ آپ لا سکتے ہیں۔ اب اس وقت آپ کا Motion ہے Standing Committtee. کا۔ اس پر آئیں ناں۔

**Syed Iqbal Haider :** Right, Sir. Because they have made so many changes in it. Even such provisions which were not acceptable even in the recovery of the Illicit Arms have been inserted in this Bill. That the Sub-Inspector Will be allowed............

**Syed Iqbal Haider :** For the voting..........

**Mr. Chairman :** What I am saying is.........

**Syed Iqbal Haider :** Voting on my motion, I need to brief my members that what is all contained.

**Mr. Chairman :** Tell briefly so that.........

**Syed Iqbal Haider :** I am explaining briefly Sir that there was a one penalty clause which enlarge the scope of definition

**Ch. Abdul Ghafoor :** Sir this is a Bill to amend Copy Right Bill which was in fact enforced in 62 Sir, 1962 and then it was made applicable I think in 1967 Sir. Sir there was certain lacuna, there were certain deficiencies there were certain defects in the original legislation and as we know already that Pakistan being a civilized country Sir, we must protect the rights of the copy right owners, the persons who work Sir and to spend huge money in certain suppose Sir Video Films, some literary work in Pakistan. Their rights need to be protected. Sir it is not that we must allow the open theft or piracy of literary work or of the other work produced by certain persons by spending huge money. If we allow this Ordinance we cannot be infact treated as a civilized society, civilized country. So, Sir I must say that the opinion expressed whether the fact is not altogether correct, it is totally unfounded. We have only increased certain offences and we are not in any way........

*(interruption)*

Still I can also question your argument but still I would say that this Bill has been prepared with full deliberations after going into the details. National Assembly has also gone into it and that has been passed. My problem is that if we seek the opinion I wold not stand in the way of the whole House, that it be sent to the Standing Committee. But I say that infact the problem would be that it would lapse in 3 months 90 days, statutory period under the Constitution would expire and ultimately the result would be to go to the Joint Session of the Assembly and that would create further complications. So at the present Sir if you see the objects and reasons of the Bill why this has been amended. You would see that the only object is Sir you know that the piracy prevalent in the country is merely on three grounds Sir, Piracy of the printed words, sound recordings and cinematography work. The main object to pirate is to make money without payment of either the royalty money to the copy right owners or tax to the Government. And as you would know Sir the object of this Bill is interalia to specify and include the video films in it. As you know that the film is being produced and crores of rupees are being spent and the next morning when it is released for the first time it is available in the Video market and you will get it for 10 rupees Sir. How that the persons who are working, the people who are spending day and

night ultimately that man takes and you see steals his whole work and he will sell that video for 10 rupees. Of course we must protect the rights and if we do not protect the rights that would not be appropriated from this civilized society. And the next Sir is that the cinematography work.

There is a little change in the definition and the next is Sir in spirit that this has been made applicable to the Computers soft wares and certifies cover in technology. They are different as by the progress of the technology certain works are to be protected and that has been included and in fact Sir the whole object of this Bill is to protect the rights of those authors in Pakistan and elsewhere and also the video films and others. Moreover Sir the uncensored, the polluted and the dirty films are being displayed without any check in the society and how we can check. How can we check and the other point raised by my learned friend is that the Police has been given the power to enforce the punishment and if at all this is not allowed by the Police Officer. If some person informs that an he will take him with the whole of that in getting the borrowers but this fear is totally unfounded that the police will go to raid the houses of the people and interfere, no question of that. Moreover Sir if at all something is to be overlaid by for certain books, cheap books and one Book Foundation is available here Sir they do the same job to apply and to supply the cheapest books to the students and to pay the royalty from their funds and get it printed so that the students can get the cheaper books. But to say that this is not to be made applicable I must say Sir after all some by the progress of the time by the progress of technology and the video technology and other sorts of technology we must amend this Bill and if at all there is certain lacuna and defectency and there are certain things we can amend it but still I would say that it is upto the House that if they want you can do it.

جناب چیئرمین : زیادہ لمبی بات نہ کریں فصیح صاحب یہ سینڈنگ کمیٹی کو جانا چاہیئے یا نہیں۔

سید اقبال حیدر : ایک گزارش کردوں انہوں نے جو کہا ہے۔

جناب چیئرمین : لمبی بات نہیں اس پر discussion آرہی ہے اس پر آپ کو پورا موقع دوں گا۔

سید فصیح اقبال : یہ بل پاس ہونا چاہیئے۔ جس طرح ہمارے وزیر داخلہ نے بل پاس ہونے کے بعد ایک یقین دہانی کرائی تھی کہ کسی بھی پولیس افسر کو یا کسی کو بھی کسی شہری کے گھر میں بغیر وارنٹ کے کسی کے گھر میں گھس جائے۔ اس میں یہ خدشات ہیں کہ کسی بھی مہذب ملک میں بغیر وارنٹ آپ کسی کے گھر گھس جائیں یہ کوئی قانون نہیں ہے جہاں تک سستی کتابوں کا تعلق ہے۔

جناب چیئرمین : وہ تو ابھی بحث آ رہی ہے فصیح صاحب!

سید فصیح اقبال: لاکھوں آدمی بے کار ہو رہے ہیں سینماؤں میں، یعنی ایک بڑا مسئلہ ہے اس کو آپ زیر بحث اس لئے بھی لائیں کہ سینما پہلے ہی بحران میں ہیں ملک میں پہلے ہی بے روزگاری ہے۔ ان کو شکایت ہے کہ آج فلم بنتی ہے اور ادھر ویڈیو آ جاتے ہیں۔ اس پر ضرور چیک ہونا چاہیئے لیکن یہ جو پولیس والا مسئلہ ہے، اس پر پاس ہونے کے بعد یقین دہانی کرائیں کہ یہ amendment ہو گی۔

جناب چیئرمین : ٹھیک...... لالیکا صاحب آپ کچھ کہنا چاہ رہے تھے۔ اس وقت اسٹینڈنگ کمیٹی کا مسئلہ ہے باقی بحث تو ہو گی، and I will allow you whatever time you want.

جناب عالم علی لالیکا: جناب والا! Copy Right Amendment bill, 1992 بڑے غور و خوض کے بعد، بڑی عرق ریزی کے بعد اور بڑی سوچ و بچار کے بعد ترتیب و تدوین کیا گیا۔ اس میں بجا طور پر ایک بڑی اچھی بات ہے کہ کوئی دانش ور اگر کوئی کتاب لکھتا ہے تو اس کی copyright کی protection ہونی چاہیے۔ کوئی فلم ساز کروڑوں لاکھوں خرچ کر کے کوئی فلم بناتا ہے تو اس کی اگلے ہی دن ویڈیو پر فلم بننا شروع ہو جاتی ہے اس کو بھی protection ملنی چاہیے۔ کوئی گائیکار گانا گاتا ہے تو پھر اس کے لئے audio cassettes فوراً بن جاتے ہیں اس کو رائیلٹی دیئے بغیر، تو اس کا تحفظ ہونا ضروری ہے۔ اس بل کو ہر لحاظ سے پاس ہونا چاہیے۔ اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہے جس کے لئے اسے اسٹینڈنگ کمیٹی میں بھیجا جائے۔

جناب چیئرمین : ظہور الحق صاحب۔

جناب ایم ظہور الحق : جناب میں عرض کرتا ہوں کہ یہ بل پاس ہونا چاہیے۔ لیکن ایک بات ہے کہ اس میں sentince تین سال ہے سیکشن ۷۰۔اے میں پھر ۷۰۔بی ایک ہزار جرمانہ ہے یہ جو all offences under ordinances shall be cognisible and non-bailable یہ بہت harsh ہیں۔

جناب چیئرمین : ابھی تو مسئلہ یہ زیر بحث ہے کہ آیا یہ اسٹینڈنگ کمیٹی میں جائے یا نہ جائے۔

جناب ایم ظہور الحق : میں تو کہتا ہوں کہ جیسے لاء منسٹر صاحب کہتے ہیں وہ درست ہے۔

**Mr. Chairman :** So I move the motion now. It has been moved by Syed Iqbal Haider :

> "That the Copyright Amendment Bill 1992, as passed by the National Assembly, be referred to the Standing Committee concerned."

*(The motion was rejected.)*

اب بات یہ ہے کہ آج اس کو شروع کرنا چاہیں گے یا بعد میں take up کرنا چاہیں گے۔

ایک معزز رکن : آج ہی یہ ختم ہو جائے تو بہتر ہے۔

جناب چیئرمین : یہ important بل ہے اس پر اراکین کافی کچھ کہنا چاہیں گے۔

So I think we will take it up in due course because this is an important Bill.

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : ہم درخواست کریں گے کہ یہ آج ہی پیش ہو۔

جناب چیئرمین : پیش تو ہو گیا ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : میرا مقصد ہے کہ بحث کی جائے۔

جناب چیئر مین : آج آپ کے پاس وقت ہو گا۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : میں عرض کرتا ہوں کہ ہم سے Terrorist Affected Areas جیسے ظالمانہ ایکٹ پر دستخط کروالئے گئے ہیں تو اس پر بحث کیوں نہیں ہو سکتی۔

جناب چیئر مین : آج آخری دن ہے اور سیشن prorogue ہو رہا، کیا آپ اسے ختم کرلیں گے۔ مجھے آپ یقین دہانی کرائیں کہ آپ کی بحث آج یہ ختم ہو جائے گی تو میں take up کئے لیتا ہوں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : گورنمنٹ یہ یقین دہانی کرائے کہ ایک کمیٹی بنائیں گے اور اس میں ہم ترامیم پیش کرلیں گے۔ اس صورت میں ہو سکتا ہے۔

(مداخلت)

**Mr. Chairman :** Iqbal Haider Sahib, would you be able to conclude your discussion.

سید اقبال حیدر : میری گزارش ہے کہ اس کے اوپر میری کافی تفصیلی بحث ہے، اس پر بحث کے لئے مجھے کم از کم آدھا پون گھنٹہ دیا جائے تو تب ہی میری بات مکمل ہو سکے گی۔

جناب چیئر مین : حافظ صاحب! آپ کتنا وقت لیں گے۔

سید اقبال حیدر : ویسے بھی اس وقت کورم نہیں ہے، میں پوائنٹ نہیں کرنا چاہ رہا تھا۔ کورم بھی نہیں ہے ہاؤس میں۔

جناب چیئر مین : آپ کتنا وقت لیں گے۔

حافظ حسین احمد : جناب، میں دس پندرہ منٹ لوں گا۔

جناب چیئر مین : پون گھنٹہ وہ لیں گے اور پندرہ منٹ آپ لیں گے۔ اور اس وقت ایک بج کر پانچ منٹ تو ہو گئے ہیں اور آج prorogue بھی ہونا ہے تو پھر بہتر نہیں ہے کہ اس کو بھی تفصیل سے لے لیا جائے، important legislation ہے۔

سید اقبال حیدر : بہت مہربانی۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے.جی agree۔

سید اقبال حیدر: Agreed۔

**Mr. Chairman :** O.K. Then I will read the order of the President, in exercise of the powers conferred by clause 1 of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan the President hereby prorogues the Senate on the conclusion of its setting on 9th July 1992, signed Ghulam Ishaq Khan, President.

---

*[The House then prorogued sine die.]*

---

Sd/-
GHULAM ISHAQ KHAN,
*President.*

PCPPI—530(96)Senate—11-2-2000—150.

## LIST OF AGENTS, AUTHORISED FOR SALE OF GOVERNMENT PUBLICATIONS

### KARACHI

1. Mansoor Stationery Mart, Hassan Ali, Effendi Road, Opp. Light House Cinema, Karachi.
2. M/s Pioneer Book House, P.O. Box No.37, Awan Lodge Bunder Road, Opp. Dow Medical College, Karachi.
3. M/s. Royal Book Company, 232-Saddar Co-operative Market, Abdullah Haroon Road, Post Box No. 7737 Karachi 74400.
4. M/s. Petewala Book Corporation, Ismail Mension Stretchen Road, N.E.D College Road, Pakistan Chowk, Post Box No. 135, Karachi. 74200.
5. M/s. Sipra Book Company, A-12 Street No. 2, Usman Ghani Road, Manzoor Colony, Karachi. 75460.
6. M/s. Pakistan Law House, Pakistan Chowk, P.O. Box No. 90, Karachi.
7. M/s. Firdous Stationery Mart, 85 Liaquat Market Opp. New Mamon Masjid, M.A. Jinnah Road, Karachi.
8. M/s. Readers Associates Victoria Chamber No. 1, P.B. 7485, Abdullah Haroon Road, Karachi.
9. M/s. Supper Law Books Supplies, 15-A, Nelsons Chamber, Hasrat Mohani Road, Karachi.
10. Executive Updating Service, D-T, 24, Block 18, Federal 'B' Area, P.O. Box No. 13708, Karachi 75950. Phone No. 631 8699, Fax No. 631 0276.
11. M/s. Indus Publications, 25-Fareed Chambers, Abdullah Haroon Road, Karachi.
12. M/s. Iqbal Book Depot, Books Export House, Near St. Joseph Girls College, Shahrah-e-Iraq, Saddar, Karachi.
13. M/s. Your Stores, 22-New Memon Masjid, M.A. Jinnah Road, Karachi.
14. M/s. Central Store, 24-New Memon Masjid, M.A. Jinnah Road, Karachi.
15. M/s. Kashif Book & Stationery Centre, 3-B, Block-A, U.K. Square Shahrah-e-Pakistan, 16-Federal B. Area, Karachi.
16. M/s. Muslim Book World C-1/14 Al-Ahram Square, 3rd Floor, Block G, North Nazimabad, Post Box 10858 (Hyderi), Karachi.
17. M/s. Somna International Services, Room No. 320, 3rd Floor, HMH Square, Sir Shah Suleman Road, Near Civic center, Karachi.

### QUETTA

18. Kalat Publishers Book Sellers, Rustamji Lane, Jinnah Road, Quetta.

### SUKKUR

19. Ajaib Store, Ajaib Manzil, Frere Road, Sukkur.

### MULTAN

20. M/s. Multan Chamber of Commerce & Industries, Katchery Road, Multan.

### VEHARI

21. M/s. Rahmat Printing Services, Ahata Shah Nawaz, Mandi Burewala, District Vehari.

### FAISALABAD

22. M/s. S. Maula Buksh Abdul Aziz, 14-Cooperative Bank Chamber, Rail Bazar, P.O. Box-104, Faisalabad.

### LAHORE

23. Mirza Book Agency, 65-Shahrah-e-Quaid-e-Azam, P.O. Box No. 729, Lahore.
24. M/s. Mansoor Book House, Kutchery Road, Lahore.
25. M/s. Islamic Service, 40-A, Urdu Bazar, P.O. Box No. 1493, Lahore.
26. M/s. Kausar Brothers, 1-Turner Road, Near High Court, Lahore.
27. M/s. People's Publishing House, 4-Begum Road, P.O. Box No. 862, Lahore.
28. M/s. Publishers United (Ltd.) P.O. Box No. 1689, 176-Anarkali, Lahore.
29. M/s. Punjab Religious Book Society, Anarkali, Lahore.
30. M/s. Premier Book House, Shaheen Market, Anarkali, P.O. Box No. 1888, Lahore.
31. M/s. Ghulam Mohy-ud-Din & Brothers, Pakistan Law Journal (Stall in Lahore High Court) Mohammadi Park,2Mohammadi Road, Lahore.
32. M/s. Vanguard Books Ltd., 8-Davis Road, Lahore.
33. M/s. All Pakistan Legal Decisions, Nabha Road, Lahore.
34. M/s. Book Centre Liberty Market, Gulberg, Lahore.
35. M/s. Multi Line Books, Regal Chowk, Hall Road, Post Box No. 1268, Lahore.
36. M/s. Technical and Commercial Book Co., Chowk Dalgran, 128-Railway Road, Lahore.

### RAWALPINDI

37. M/s. Federal Law, House H/136 Murree Road, Committee Chowk, Rawalpindi.
38. M/s. American Book Company, Bank Road, Rawalpindi.

### ISLAMABAD

39. M/s. Fatherland International (Pvt.) (Ltd.) 31-Javid Plaza, Blue Area, Islamabad.
40. M/s. Al-Aziz Corporation, 27-T&T Centre, G-8/4, Islamabad.
41. M/s. Maktabah Abdiya, Shop No. 10, Block No. 19, Markaz G-9, Islamabad.
42. M/s. London Book House, Kohsar Market, Islamabad.
43. M/s. The Golden Information Bureau, Plot No. 78, I&T Centre, G-8/1, Islamabad.

---

PRINTED BY THE MANAGER, PRINTING CORPORATION OF PAKISTAN PRESS, ISLAMABAD
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI

**Volume II** — *Price : Rs. 11.00* — **SP. II(15)/92**
**No. 15** — **150**